آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز پیر 29 جون 2020ء بمطابق 07 ذیقعد 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 179

بلوچستان ملک کا اہم صوبہ ہے، حکومت اس کو نظر انداز نہیں کرسکتی، وزیراعظم

بلوچستان ملک کا ایک اہم صوبہ ہے پاکستان تحریک انصاف کی حکومت اس کو نظر انداز نہیں کرسکتی بلوچستان کی حکومت کو ہر مشکل گھڑی میں سپورٹ کریں گے پٹرول کی قیمتیں بڑھنے سے پیدا ہونے والے مسائل، کراچی کے ترقیاتی منصوبوں کا معاملہ اٹھایا

بلوچستان عوامی پارٹی کے ایک وفد جس میں وفاقی وزیر زبیدہ جلال، احسان اللہ ریکی، خالد حسین مگسی اور روبینہ عرفان شامل تھیں نے وزیراعظم سے ملاقات کی اس موقع پر صوبہ کے حقوق ترقیاتی منصوبوں اور ملازمتوں میں بلوچستان کے کوٹہ سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال

اتحادیوں کو ساتھ لیکر چلیں گے، وعدے بھی پورے کرینگے، بجٹ منظوری، بلوچستان کے مسائل، پٹرول کی قیمتیں بڑھنے سے پیدا شدہ مسائل، کراچی کے ترقیاتی منصوبوں سمیت اہم امور پر بات چیت

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم عمران خان سے بلوچستان عوامی پارٹی کے وفد نے ملاقات کی ملاقات میں بلوچستان کے حقوق وفاقی پی ایس ڈی پی میں ترقیاتی منصوبوں اور ملازمتوں کے کوٹہ پر تبادلہ خیال کیا گیا گزشتہ روز بلوچستان عوامی پارٹی کے ایک وفد جس میں وفاقی وزیر زبیدہ جلال، احسان اللہ ریکی، خالد حسین مگسی اور روبینہ عرفان شامل تھیں نے وزیراعظم سے ملاقات کی ملاقات کے موقع پر صوبہ کے حقوق ترقیاتی منصوبوں اور ملازمتوں میں بلوچستان کے کوٹہ سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال ہوا وزیراعظم نے وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق بھرپور تعاون

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال سے اسپیکر صوبائی اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:00
ظہر	2:00
عصر	6:05
مغرب	غروب آفتاب (07:44)
عشاء	9:30

اہل تشیع	
فجر صبح	03:58
ظہر پن	12:36
مغرب پن	06:00

مسترد اپوزیشن کی تعداد انیشنل اسمبلی میں بڑھ گئی ہے، متحدہ اپوزیشن

مشکل وقت میں جب عوام کو ریلیف دینے کی ضرورت تھی ان پر پٹرولیم قیمتیں بڑھا کر ناقابل برداشت بوجھ ڈال دیا گیا ہے مزید مہنگائی کا طوفان آئے گا، حکومت کے اتحادی ان کو چھوڑ کر جارہے ہیں، اب ان کا آخری وقت آگیا ہے

اس سے پہلے تباہ کن حکومت نہیں دیکھی، یہ ساری ٹیم ہی سلیکٹڈ ہے، آل پارٹیز کانفرنس بجٹ سے پہلے کروائی تھی لیکن اپوزیشن لیڈر کی صحت خراب ہونے کی وجہ سے نہیں کروا سکے، حکومت نے کورونا وائرس کے حوالے سے ڈبلیو ایچ او کی تجاویز پر عمل نہیں کیا

اگر یہ حکومت رہی تو عوام کی مشکلات میں اضافہ ہوگا، نئے مینڈیٹ کی ضرورت ہے، اپوزیشن کی تعداد اب نیشنل اسمبلی میں بڑھ گئی ہے، سینیٹ الیکشن میں دھاندلی کروائی گئی لیکن نیشنل اسمبلی میں دھاندلی نہیں ہوسکتی، بلاول بھٹو، خواجہ آصف، اکرم درانی اور میاں اسلم کی مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) متحدہ اپوزیشن نے حکومتی بجٹ کو مسترد کردیا ہے، مشکل وقت میں جب عوام کو ریلیف دینے کی ضرورت تھی تو ان پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھا کر ناقابل برداشت بوجھ ڈال دیا گیا ہے، اس سے مزید مہنگائی کا طوفان آئے گا، حکومت کے اتحادی ان کو چھوڑ کر جارہے ہیں، اب ان کا آخری وقت آگیا ہے، اس سے پہلے تباہ کن حکومت نہیں دیکھی، یہ ساری ٹیم ہی سلیکٹڈ ہے، آل پارٹیز کانفرنس بجٹ سے پہلے کروائی تھی لیکن اپوزیشن لیڈر کی صحت خراب ہونے کی وجہ سے نہیں کروا سکے، حکومت نے کورونا وائرس کے حوالے سے ڈبلیو ایچ او کی تجاویز پر عمل نہیں کیا، اگر یہ حکومت رہی تو عوام کی مشکلات میں اضافہ ہوگا، نئے مینڈیٹ کی ضرورت ہے۔ اپوزیشن کی تعداد اب نیشنل اسمبلی میں بڑھ گئی ہے، سینیٹ الیکشن میں دھاندلی کروائی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان سے بلوچستان عوامی پارٹی کے ارکان قومی اسمبلی کا وفد ملاقات کررہا ہے

کورونا ملک میں کیسز کی تعداد 2 لاکھ سے تجاوز کرگئی، مزید 83 اموات

کورونا کے مزید 4 ہزار 72 کیسز رپورٹ، متاثرہ افراد کی تعداد 2 لاکھ 2 ہزار 955 ہوگئی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کے سبب مزید 83 اموات رپورٹ ہوئیں جس کے بعد اموات کی مجموعی تعداد 4 ہزار 118 ہوگئی ہے۔ ملک بھر سے کورونا وائرس کے مزید 4 ہزار 72 کیسز رپورٹ ہوئے جس کے بعد

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

لائن آف کنٹرول کے نزدیک کھوئی ریہ سیکٹر پر بھارتی فوج کی بلا اشتعال فائرنگ، گولہ باری

سول آبادی کو نشانہ بنایا گیا، کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا، پاک فوج کی منہ توڑ جوابی کارروائی دشمن کی گنوں کو خاموش کرادیا

سیری (آن لائن) لائن آف کنٹرول کے نزدیک کھوئی ریہ سیکٹر بھارتی فوج کی بلا اشتعال فائرنگ اور گولہ باری بھارتی بزدل فوج نے سول آبادی کو نشانہ بنایا تاہم کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا پاک فوج کی منہ توڑ جوابی کارروائی دشمن کی گنوں کو خاموش کرادیا۔ تفصیلات

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 115 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 10376 جبکہ اموات کی تعداد 116 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے مزید 115 کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 10376 جبکہ اموات کی تعداد 116 ہوگئی، محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق صوبے میں کورونا وائرس کے 115 کیس رپورٹ ہوئے جس کے بعد صوبے میں

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ترقیاتی منصوبوں پر کام کے معیار کا خاص خیال رکھیں غیر معیاری کام ناقابل قبول ہیں، نورالامین مینگل

اگر کسی بھی جگہ غیر معیاری کام نظر آیا تو متعلقہ حکام اور ٹھیکیدار کے خلاف سخت کارروائی کیا جائے گا، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات

کوئٹہ (ن ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نورالامین مینگل کا کوئٹہ کے مختلف علاقوں جن میں زرغی کالج، نواں کلی، گورنمنٹ گرلز پولی ٹیکنک کالج سریاب روڈ، اسپورٹس کمپلیکس فیض آباد سریاب روڈ، اسپورٹس کمپلیکس بینظیر بھٹو ہاکی اسٹیڈیم سریاب روڈ کا

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے کوئٹہ شہر میں لوڈشیڈنگ کے دورانیہ میں دو گھنٹے کمی کا اعلان کردیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے کوئٹہ شہر میں لوڈشیڈنگ کے دورانیہ میں دو گھنٹے کمی کا اعلان کردیا ہے اور اس ریلیف کا اطلاق اتوار کی شام سے باقاعدہ طور پر ہوچکا ہے تاہم کوئٹہ شہر میں موجود زرغی فیڈر اس ریلیف سے مستفید نہیں ہوسکے۔ کیسکو نے یہ اقدام کوئٹہ شہر میں گھریلو

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز صحافیوں میں چیک تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

وزیراعظم سے شازین بگٹی کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم عمران خان سے جمہوری وطن پارٹی کے سربراہ نوابزادہ شازین بگٹی کی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے 10 اضلاع میں مزید 115 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوگئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے 10 اضلاع میں مزید 115 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوگئی ہے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

دشت کے علاقے میں ٹرین کی زد میں آکر 10 سالہ لڑکا جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) دشت کے علاقے میں ٹرین کی زد میں آکر 10 سالہ لڑکا جاں بحق ہوگیا۔ تفصیلات

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

حب میں فائرنگ اور حادثات کے مختلف واقعات میں دو افراد جاں بحق خاتون سمیت چار افراد زخمی

لسبیلہ (این این آئی) حب میں فائرنگ اور حادثات کے مختلف واقعات میں دو افراد جاں بحق خاتون سمیت چار

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

تھرپارکر: غذائی قلت اور وبائی امراض کے باعث مزید 4 بچے جاں بحق

تھرپارکر (آن لائن) مٹھی اسپتال میں غذائی قلت اور وبائی امراض کے باعث مزید 4 بچے جاں بحق

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت نے ملک بھر میں کرونا ٹیسٹوں کی آڑ میں لوٹ مار کرنے والوں کے خلاف شکنجہ تیار کرلیا

فیصل آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے ملک بھر میں کرونا ٹیسٹوں کی آڑ میں لوٹ مار کرنے والوں

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

پاک فوج نے ایک اور بھارتی کوادکاپٹر مار گرادیا

راولپنڈی (آن لائن) پاک فوج نے ایک اور بھارتی کوادکاپٹر مار گرا دیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ایف پی سی سی آئی بزنس مین پینل نے پٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کو یکسر مسترد کردیا

اسلام آباد (این این آئی) ایف پی سی سی آئی بزنس مین پینل نے پٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کو یکسر مسترد

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

بجٹ میں کورونا سے متعلق پوسٹ کووڈ کیلئے 8 ارب مختص کیے گئے

وزیراعلیٰ بلوچستان

ایئر ایمبولینس ایسا منصوبہ ہے جس کے ذریعے لوگ مستفید اور آمدنی میں اضافہ کیا جاسکتا ہے تاہم اس حوالے سے حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے

حکومت کی جانب سے عوام کو سہولیات کی فراہمی، لیبارٹریز، انفراسٹرکچر اور افرادی قوت بڑھانے کیلئے فنڈز رکھے گئے ہیں، جام کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ ایئر ایمبولینس ایسا منصوبہ ہے جس کے ذریعے لوگ مستفید اور آمدنی میں اضافہ کیا جاسکتا ہے تاہم اس حوالے سے حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے پوسٹ کووڈ کیلئے 8 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں حکومت کی جانب سے عوام کو سہولیات کی فراہمی، لیبارٹریز، انفراسٹرکچر اور افرادی قوت بڑھانے کیلئے فنڈز رکھے گئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایئر ایمبولینس کے منصوبے کے حوالے سے وضاحتی بیان میں کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبائی بجٹ میں کورونا وائرس سے متعلق پوسٹ کووڈ کیلئے 8 ارب مختص کیے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

مبارک ہو! پاکستان میں وینٹی لیٹرز کی پہلی کھیپ تیار ہے، فواد چودھری

اگلے تین ڈیزائن بھی آخری مراحل میں ہیں، یہ تمام مشینیں EU Standards کے مطابق ہیں

ہم دنیا کے ان چند ممالک میں شامل ہوں گے جو کہ پیچیدہ میڈیکل مشینیں بناتے ہیں، وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چودھری نے کہا ہے کہ ملک میں پہلی بار بننے والے وینٹی لیٹرز کی پہلی کھیپ تیار ہوگئی ہے۔ اتوار کے روز فواد چودھری نے ٹویٹر پر ٹویٹ ستاتے ہوئے کہا کہ "الحمدللہ پاکستان میں بنے وینٹی لیٹرز کی پہلی کھیپ تیار ہے، رواں ہفتے ان وینٹی لیٹرز کو این ڈی ایم اے کے حوالے کردیا جائے گا، این آر ٹی سی کو بہت مبارک ہو، اگلے تین ڈیزائن بھی آخری مراحل میں ہیں جس کے بعد ہم دنیا کے ان چند ممالک میں شامل ہوں

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

عوام کو معیاری و حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق خوراک کی فراہمی ادارے کا بنیادی مقصد ہے، بلوچستان فوڈ اتھارٹی

واٹر پلانٹ کوئٹہ میں گندگی، پانی کے معیار کو جانچنے کے لیے ٹیسٹنگ سسٹم اور تکنیکات کے ریکارڈ کی عدم موجودگی، بیان

کوئٹہ (ن ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی معائنہ ٹیم نے گوادر شہر اور ملحقہ علاقوں میں ناقص و غیر معیاری خوراک کی فراہمی پر چھ ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹس سمیت ایک منرل واٹر پلانٹ ایک جنرل سٹور اور ایک ڈیہار فعل سٹور پر جرمانے عائد کرتے ہوئے متعدد مراکز کو اصلاحی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلاول بھٹو کا شازین بگٹی سے رابطہ، بجٹ مسترد کرنے پر تبادلہ خیال

جب تک ہم سے کیے گئے وعدے پورے نہیں ہوتے، حکومت کا ساتھ نہیں دیں گے

دونوں رہنماؤں نے مل بیٹھ کر معاملات حل اور وفاقی بجٹ کو مسترد کرنے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے جمہوری وطن پارٹی کے سربراہ شازین بگٹی سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے۔ جس میں دونوں رہنماؤں نے مل بیٹھ کر معاملات حل کرنے اور وفاقی بجٹ کو مسترد کرنے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بلاول بھٹو زرداری نے شازین بگٹی کو ٹیلی فون کیا اور 18 ویں آئینی ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ سے متعلق شازین بگٹی کے موقف کو سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے بہت جلد ملاقات کرنے پر بھی اتفاق کیا۔ بعدازاں جمہوری وطن پارٹی کے رہنما شاہ زین بگٹی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جب تک ہم سے کیے گئے وعدے پورے نہیں ہوتے، حکومت کا ساتھ نہیں دیں گے۔ وزیراعظم ابھی بلوچستان کے مسائل کے حل کیلئے حکم جاری کردیں، ہم ساتھ دیں گے۔ شازین بگٹی کا کہنا تھا کہ وفاقی وزرا نے عشائیے میں شرکت کیلئے رابطہ کیا تھا تاہم ان کو بتادیا ہے کہ جو وعدہ کیا تھا، وہ پورا کریں۔ بلوچستان کے جتنے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کی تشخیصی استعداد کار میں بتدریج اضافہ کیا جارہا ہے، رابعہ خان بلیدی

صوبائی و وفاقی حکومت کوئٹہ کے مرکزی اسپتالوں کے علاوہ پانچ دیگر مختلف مقامات پر بھی کووڈ ٹیسٹ کی سہولت فراہم کردی گئی ہے

عوام اپنی سہولت اور دسترس کے مطابق ان تشخیصی مراکز سے بلا معاوضہ کورونا ٹیسٹ کروا سکتے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری صحت

کوئٹہ (ن ن) پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر رابعہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کورونا وائرس کی تشخیصی استعداد کار میں بتدریج اضافہ کیا جارہا ہے صوبائی و وفاقی حکومت کوئٹہ کے مرکزی اسپتالوں کے علاوہ پانچ دیگر مختلف مقامات پر بھی کووڈ ٹیسٹ کی سہولت فراہم کردی گئی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ایس او پیز کی خلاف ورزیاں، راولپنڈی انتظامیہ نے مزید علاقوں پر سمارٹ لاک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) ایس او پی کی خلاف ورزیاں، راولپنڈی انتظامیہ نے مزید علاقوں پر سمارٹ لاک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا، ذرائع کے مطابق راولپنڈی انتظامیہ نے مزید آٹھ علاقوں کو سیل کرنے کا فیصلہ کر

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

حکومت نے بلوچستان کے مسائل کیلئے خصوصی غیر فعال کمیٹی کو فعال کردیا

پانی کی شدید قلت کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے افغان مہاجرین کی فوری وطن واپسی اور صوبے میں ڈیموں کی تعمیر شامل ہیں

بلوچستان کے مسائل 2006 سے شدید ہورہے ہیں اور ان پر فوری طور پر توجہ دینے کی ضرورت ہے، بلوچستان نیشنل پارٹی

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل کی جانب سے حکومتی اتحاد سے علیحدہ ہونے اور پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل کو منانے میں حکومتی ٹیم کی ناکامی کے بعد اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے آخر کار بلوچستان کے مسائل کے لیے تشکیل کردہ خصوصی غیر فعال کمیٹی کو فعال کردیا جس کی وی کے مطابق بی این پی کے رکن قومی اسمبلی آغا حسن بلوچ نے بلوچستان سے متعلق خصوصی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس میں پارٹی کے سربراہ اختر مینگل کی سربراہی کی، جو پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا تھا اور اس کی سربراہی خود اسپیکر اسمبلی نے کی تھی اجلاس کے بعد قومی اسمبلی سیکرٹریٹ سے جاری دستاویزات کے مطابق کمیٹی کے اراکین نے وزیر برائے بین الصوبائی تعاون ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کی سربراہی میں 4 رکنی ذیلی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا تاکہ بلوچستان کے تمام مسائل سے متعلق جامع ٹرمز آف ریفرنس (ٹی او آر) تیار کیے جاسکیں یہ فیصلہ بھی کیا گیا تھا کہ بی این پی کا ایک نمائندہ اور حکومت کی مذاکراتی ٹیم

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

مری کو رکی طرف سے ڈاکٹروں کیلئے حفاظتی سامان دینے پر انکے شکر گزار ہیں، دوستین خان جمالدینی

محکمہ صحت کا عملہ پوری طرح الرٹ ہے اور عوام کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی میں مصروف عمل ہے، سیکرٹری صحت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی نے کہا ہے کہ محکمہ صحت کا عملہ پوری طرح الرٹ ہے اور عوام کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی میں مصروف عمل ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان روزانہ کی بنیاد پر مجموعی طبی صورتحال کا جائزہ لے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر میر کبیل محمد شاہ ہزارہ اور وزیر داخلہ میر زیارت لانگو سے بلوچستان صوفی فیڈ چیلنجز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری نعیم رمضان ملاقات کررہے ہیں

ہم نے بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا، اپوزیشن کس بات کو رد کررہی ہے، حماد اظہر

عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں اضافے کے بعد یہاں بھی تیل کی قیمتیں بڑھیں

ایشیا میں کوئی ملک ایسا نہیں جس کی تیل کی قیمتیں پاکستان سے کم ہوں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار حماد اظہر نے کہا ہے کہ ہم نے بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا، اپوزیشن کس بات کو رد کررہی ہے، عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں اضافے کے بعد یہاں بھی تیل کی قیمتیں بڑھیں، ایشیا میں کوئی ملک ایسا نہیں

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

سلوگن

جن کے پیارے بچھڑ رہے ہیں ان سے کرونا وائرس کی موجودگی کی تصدیق کروالیں اور اس تکلیف دہ مرحلے سے گزرنے کی ان کی دکھ بھری داستان سن لیں جو کہ عبرتناک اور خوفناک ہے۔ آپ کے پیاروں کی کرونا وائرس سے محفوظ زندگی احتیاطی تدابیر اپنانے ہی میں ہے۔ لہذا اس معاملے میں نہ کوتاہی برتیں اور نہ ہی برتنے دیں۔

ترک فوج کی عراق کے شمالی علاقے پر بمباری، بڑے پیمانے پر تباہی

کرد دیہات سے لوگوں کی ایک بڑی تعداد جبری ہجرت پر مجبور ہوگئی

بغداد (آن لائن) عراقی کردستان میں دھوک صوبے کے شمال میں واقع سرحدی دیہات پر ترکی کی بم باری کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے۔ کرد

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

جھوٹے اور بلند و بانگ دعوے نہیں عملی کام کرنے پر یقین رکھتے ہیں، نور محمد دمڑ

ہمیں پر ہم پر سلیکٹڈ کا الزام لگانے والے یہ نام نہاد اور شکست خوردہ اپوزیشن جماعتوں کو میں کھلا چیلنج دیتا ہوں

یہ ہمیں بتائے کہ گزشتہ کئی دیہائیوں سے یہ آج جو واویلا کررہے ہیں کیا یہ الیکٹیڈ تھے سلیکٹڈ تھے، صوبائی وزیر

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ گزشتہ دو سال شکست خوردہ نام نہاد قوم پرست، مذہبی جماعتیں سلیکٹڈ، سلیکٹڈ کا واویلا کررہے ہیں، یہ ہمیں بتائے کہ گزشتہ کئی دیہائیوں سے یہ آج جو واویلا کررہے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

کوئٹہ چھ مقامات پر کورونا ٹیسٹ کیلئے سیمپل لینے کی سہولت مہیا

کوئٹہ کے مندرجہ بالا علاقوں میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوئٹہ ڈاکٹر احمد زمان جمالی کے تعاون سے کورونا وائرس کے ٹیسٹ کے سیمپل لینے کے لیے خصوصی کاؤنٹرز قائم کردیے گئے ہیں

بیک ہیلتھ یونٹ جی او آر کالونی کوئٹہ، بیک ہیلتھ یونٹ کیرتاج نواں کلی کوئٹہ، بیک ہیلتھ یونٹ ولیج ایڈ سریاب روڈ کوئٹہ، سوشل سیکورٹی ہیلتھ سینٹر سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ صحت بلوچستان نے عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے کوئٹہ شہر میں مزید چھ مقامات پر کورونا وائرس کے ٹیسٹ کے لئے سیمپل لینے کی سہولت مہیا کردی سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی کے مطابق بیک ہیلتھ یونٹ جی او آر کالونی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

اراکین صوبائی اسمبلی شاہ بلوچ، میر یونس زہری، اللہ خان زیرے اور احمد نواز بلوچ اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کررہے ہیں

ایم کیو ایم کو پٹرولیم قیمتوں پر اعتراض ہے تو وفاق سے علیحدہ ہو، سعید غنی

ایم کیو ایم 2 سے 4 ارب روپے ترقیاتی فنڈ کی مد میں لے کر چپ کرکے بیٹھ گئی، پریس کانفرنس

کراچی (آن لائن) وزیر تعلیم سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کو پٹرولیم قیمتوں پر اعتراض ہے تو وفاق سے علیحدہ ہو۔ اتوار کے روز پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر تعلیم سندھ سعید غنی نے کہا کہ ایم کیو ایم کو پٹرولیم قیمتوں پر اعتراض ہے تو وفاق سے علیحدہ ہو، ایم

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

بھارت نے کرتارپور راہداری کھولنے سے انکار کردیا

کورونا وائرس کی وجہ سے حفاظتی اقدامات کے تحت سرحدوں پر آمد و رفت معطل ہے، بھارتی حکام

نئی دہلی (این این آئی) بھارت نے سکھوں کے مذہبی مقام کرتارپور گوردوارہ تک جانے والی سرحدی راہداری کھولنے سے انکار کردیا۔ پاکستان نے اپنی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

بلوچستان کا کثیر الاشاعت بلوچی ماہنامہ گدروشیا کوئٹہ



بلوچستان کا کثیر الاشاعت براہوئی ماہنامہ آسیاب نوشکی



پڑھیں ماہنامہ پربت کوئٹہ کا تازہ شمارہ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

29 جون 2020ء

کورونا کیسز میں اضافہ اور حکومتی اقدامات

محکمہ صحت بلوچستان نے کوئٹہ شہر میں مزید چھ مقامات پر کورونا وائرس کے ٹیسٹ کے لئے سمپل لینے کی سہولت مہیا کردی ہیک ہیلتھ یونٹ جی او آر کالونی کوئٹہ، ہیک ہیلتھ یونٹ کبیر تاجک نواں کلی کوئٹہ، ہیک ہیلتھ یونٹ ولیج ایڈ سریاب روڈ کوئٹہ، سوشل سیکورٹی ہیلتھ سینٹر سٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ۔ ہیک ہیلتھ یونٹ احمد خانزئی سریاب روڈ کوئٹہ اور گورنمنٹ سکول اولڈ مری آباد کوئٹہ میں عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے کوئٹہ شہر میں مزید چھ مقامات پر کورونا وائرس کے ٹیسٹ کے لئے سمپل لینے کی سہولت مہیا کردی گئی ہے سربراہ کورونا وائرس سیل ڈاکٹر سرمد سعید خان کا کہنا ہے کہ سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی کی خصوصی ہدایت پر کوئٹہ کے مندرجہ بالا علاقوں میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوئٹہ ڈاکٹر احمد زمان جمالی کے تعاون سے کورونا وائرس کے ٹیسٹ کے سمپل لینے کے لیے خصوصی کاؤنٹرز قائم کردیے گئے ہیں۔ سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی نے کورونا وائرس کے مشتبہ مریضوں کی مشکلات کو دیکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا محکمہ صحت بلوچستان نے عوام سے اپیل کی ہے کہ کورونا وائرس کے ٹیسٹ کے سمپل دینے کے لیے مندرجہ بالا سینٹرز میں قائم کردہ کاؤنٹرز پر تشریف لے جائے شکایت کی صورت میں کورونا وائرس سیل بلوچستان کے نمبر 0819202080 پر رابطہ کرسکتے ہیں مذکورہ سینٹرز میں عوام سوموار سے ہفتہ صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک اور بروز جمعتہ المبارک: صبح 9 بجے سے دن 12 بجے تک ٹیسٹ کیلئے سمپلز دے سکتے ہیں۔ حکومت اقدامات قابل تعریف ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ حکومتی اقدامات سے عوام میں آگاہی مہم اور احتیاطی تدابیر کے کیا نتائج سامنے آتے ہیں۔

لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام

محمد پرویز بونیری

ماسٹر عبداللہ کا شمار علاقے کے بڑے اور نامور اساتذہ میں ہوتا ہے۔ وہ انتہائی غریب گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں، مگر اپنی محنت اور جانفشانی سے انہوں نے شعبہ تعلیم میں نام کمایا ہے۔ علاقے کے سارے لوگ ان کی پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ ساتھ انکی دینی طرز زندگی کی وجہ سے انہیں بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ گو کہ ہمارے اساتذہ میں تھے، مگر اردو زبان سے شغف رکھنے کی وجہ سے میرا بہت خیال رکھتے تھے۔ چند روز قبل مجھے فون کر کے کہنے لگے۔ "مجھے معلوم ہے کہ آپکی اردو بہت اچھی ہے اور مجھے بہت خوشی ہوتی ہے کہ آپ اردو کے استاد ہیں۔ مجھے اکثر اردو سے متعلق مشکلات آتے رہتے ہیں لہٰذا میں آپ سے استفسار کرتا رہوں گا"۔

میں فوراً ہامی بھرلی اور انہیں ہر قسم کی یقین دہانی کرائی۔ دو تین دن پہلے موصوف کی طبیعت خراب ہوئی۔ انہوں نے ہسپتال جا کر طبی معائنہ کروایا اور کچھ ادویات وغیرہ لا کر استعمال کیں، مگر افاقہ نہیں ہوا اور آج اچانک طبیعت بگڑ گئی۔ گھر والے اسے ہسپتال لے گئے، مگر کچھ ہی دیر بعد انکی نعش تابوت میں سرکاری اہلکاروں کی معیت میں لا کر دفنائی گئی۔ گھر والے اور عزیز واقارب انکا چہرہ بھی دیکھ نہ سکے۔

اسی طرح بے شمار واقعات ہماری آنکھوں کے سامنے رونما ہوتے رہتے ہیں۔ مرنے والے کے ورثا ساری زندگی ایسی میت کا سوگ مناتے رہیں گے کیونکہ ایسی حالت اس سے قبل زمین نے دیکھی تھی نہ آسمان نے۔ زندگی ویسے بھی ناپائیدار تھی، مگر ایسی بے ثباتی پہلے کبھی نہ تھی۔

بے ثباتی چمن دہر کی ہے جن پہ کھلی
ہوس رنگ نہ وخواہش بو کرتے ہیں

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں انسان فانی کو کل نفس ذائقۃ الموت کی وعید سنائی اور دنیائی زندگی کو متاع غرور یعنی دھوکہ کا مال کہا۔ مگر انسان نے دنیا کو دائمی جنت بنانے کی حماقت کا ارتکاب کر ڈالا۔ اللہ تعالیٰ کے احکامات، وعیدیں اور وعدیں پس پشت ڈال کر ہمہ وقت اپنی زندگی کو خوب سے خوب تر کی تلاش میں سرگرداں رہا۔ متاع غرور یعنی دنیوی زندگی کو ابدی تصور کر کے انسان اسے خوبصورت بنانے کے لئے ہمہ وقت سرگرم عمل رہتا ہے اور یہی اسکی تمناؤں کا مرکز، تگ ودو کا حاصل اور اسکی جدوجہد کا محور ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو بہت زیادہ استعداد اور صلاحیتوں سے نوازا ہے تاکہ وہ اسکے بل بوتے پر اپنے خالق حقیقی کی سچی بندگی کر کے دنیا اور آخرت میں کامیابی حاصل کرے، مگر کاش کہ انسان نے اپنی خالق حقیقی کو فراموش کر دیا اور اپنی زندگی، وقت اور صلاحیتیں صرف اور صرف دنیا بنانے کے لئے استعمال کیں۔ انسان کا خیال تھا کہ یہ عارضی دنیا اپنے اندر بے پناہ عیش وعشرت اور لطف ولذت کا سامان سمیٹی ہوئی ہے۔ اسی سعی لاحاصل میں انسان نے اپنی زندگی لٹائی اور زندگی کا مقصد فراموش کر دیا۔ پھر ہونا کیا تھا کہ مختلف شکلوں میں عذاب الٰہی نے انسان کو اسکے اوقات دکھانا شروع کر دیا۔ زلزلے آئے، آندھیوں اور طوفانوں نے انسان کو دنیا کی بے ثباتی کے نظارے کروائے، قتل وغارت کے بازار گرم ہوئے، روز انسان اپنے عزیزوں کے جنازوں کو کاندھا دیتے ہوئے انہیں منوں مٹی تلے دفن کرتے ہیں، مگر پھر بھی چشم عبرت وا نہیں ہوتی۔ جب عذاب الٰہی نے بھیس بدل بدل کر انسان کو دنیا کی بے ثباتی کا باور کروانا چاہا اور انسان کو کسی طور یقین نہ آیا تو اللہ تعالیٰ نے انسان کی چشم عبرت کو وا کرنے کے لئے اسے ایسا تازیانہ رسید کیا، جو زندگی کی بے ثباتی کے لئے کافی ہے۔ ایک معمولی جرسومہ، جو عام انسانی آنکھ سے نظر نہیں آتا مگر اس نے پوری دنیا کے انسانوں کو یہ سبق دیا کہ

جگہ جی لگانے کی دنیا نہیں ہے
یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں ہے

کورونا کے ہاتھوں آئے روز ہمارے پیارے ہم سے بچھڑ رہے ہیں۔ جو کل تک زندہ تھا، ہنستا کھیلتا اور مسکراتا تھا۔ جس کے ہاں زندگی کی رنگینیاں عروج پر تھیں اور جس نے کبھی سوچا نہ تھا کہ اس قدر عجلت میں اس سے زندگی کے سارے مزے چھین لئے جائیں گے، اسکی میت آج ایک نئی طریقے سے دفنائی جارہی ہے۔ اسکی نعش پہ ماتم کرنے والا کوئی ہوتا ہے نہ اسکے جنازے میں وہ شان وشوکت ہوتی ہے۔ ہمارے پیارے جو اس قدر عجلت میں ہم سے بچھڑتے جارہے ہیں، وہ پکار پکار کر ہمیں کہتے جارہے ہیں کہ

کم سے کم موت سے ایسی مجھے امید نہیں
زندگی تو نے تو دھوکے پہ دیا ہے دھوکہ

کورونا اگر ایک طرف ہم سے زندگی چھین لیتی ہے تو دوسری طرف ہماری زندگی کو انتہائی ذلت آمیز اور حقیر بناتی ہے۔ جب کسی انسان کے بارے میں یہ شوشہ چھوڑا جاتا ہے کہ وہ کورونا سے متاثر ہوا ہے تو اسکے عزیز واقارب، اہل عیال اور دوست احباب اسکے قریب آنے سے کتراتے ہیں۔ جب وہ مرجاتا ہے تو اسکی نعش کو ایک نظر دیکھنے کے لئے بھی کوئی نہیں آتا اور اسکی میت کو چند سرکاری اہلکاروں کی معیت میں سپرد خاک کیا جاتا ہے۔ جب زندگی اس قدر دھوکہ باز ہے اور دنیا دھوکے کا گھر ہے، تو پھر اس زندگی اور دنیا کا کیا اعتبار کیا جائے اور اسے اتنی وقعت کیوں دی جائے بلکہ اس کے مقابلے میں اپنے رب کو پہچاننا چاہئے۔ سچے دل سے توبہ کر کے، اپنی اخروی زندگی جو کہ ابدی ہے، کے لئے تیاری کرنی چاہئے۔ ہم سفر میں ہیں اور منزل ہماری آخرت ہے۔ اس سفر میں کہیں بھی سانسیں رک سکتی ہیں، مگر حالیہ کورونا کی تلوار تو ہر وقت ہمارے سروں کے اوپر لٹکی ہوئی ہے۔ اس لئے تو امیر مینائی نے کیا خوب کہا ہے۔

زیست کا اعتبار کیا ہے امیر
آدمی بلبلہ ہے پانی کا

☆☆☆☆☆

پھول جیسے بچوں سے سخت مشقت.....!

رانا اعجاز حسین چوہان

عالمی اداروں کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں تقریباً 33 فیصد بچے چائلڈ لیبر کا شکار ہیں، یہاں ایک کروڑ بیس لاکھ سے زیادہ بچے چائلڈ لیبر کے طور پر کام کررہے ہیں اور اس تعداد میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے۔ ان میں سے تین چوتھائی سخت مشقت والے کام، مثلاً کانوں میں کام، کیمیکلز کے ساتھ کام اور خطرناک مشینری کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ کھیلنے کودنے اور پڑھنے لکھنے کے دنوں میں ہاتھوں میں کتابوں کی بجائے اوزار تھامے پھول جیسے معصوم بچے جب حالات سے مجبور ہو کر کام کرنے کے لئے نکل کھڑے ہوں تو یقیناً اس معاشرے کیلئے ایک المیہ وجود پا رہا ہوتا ہے۔ بچوں سے مشقت خوشحالی وترقی کے دعویدار معاشرے کے چہرے پر بدنما داغ، اور قوم کی اخلاقی اقدار کے زوال کی علامت ہوتا ہے۔ جبکہ بچوں سے جبری مشقت کو ہمارے ہاں معیوب بھی نہیں سمجھا جاتا، جابجا معصوم پھول جیسے بچے بوٹ پالش کے کام سے لے کر ہوٹلوں، چائے خانوں، ورکشاپوں، مارکیٹوں، چھوٹی فیکٹریوں، موٹر گاڑیوں، بشمت بھٹوں، سی این جی اور پٹرول پمپوں سمیت بہت سی جگہوں پر مشقت کرتے نظر آتے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں دن میں کتنے ہی بچے حالات کی چکی میں پس جاتے ہیں، مگر کوئی ان کی فریاد سننے والا نہیں ہوتا۔ جبکہ بالغوں کے مقابلے میں ان معصوم بچوں کو اجرت بھی کم دی جاتی ہے، اگر ایک کام کا معاوضہ ایک بالغ کو ایک روپے دیا جاتا ہے تو اسی کام کے ایک بچے کو صرف 33 پیسے ملتے ہیں۔

12 جون کا دن پاکستان سمیت دنیا بھر میں چائلڈ لیبر ڈے (محنت کش بچوں کے عالمی دن) کے طور پر منایا جاتا ہے۔ چائلڈ لیبر کا مطلب وہ کام ہیں جن سے بچے اپنے بچپن کی امنگوں، عزت ووقار، خوشحال طرز زندگی سے محروم ہوجائیں، جو کہ ان کی جسمانی، ذہنی اور اخلاقی نشوونما اور تعلیم کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔ اس دن سرکاری وسماجی تنظیموں کی طرف سے مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جاتا ہے تاکہ محنت کش بچوں کے مسائل کو ذمہ داران تک موثر طریقے سے پہنچایا جاسکے اور بچوں سے جبری مشقت کے مسئلے کا سدباب کیا جاسکے۔

پاکستان میں جہاں غربت، بے روزگاری، مہنگائی نے غریب بچوں کو اسکولوں سے دور کردیا ہے کہ ان کے لئے تعلیم ایک خواب بن کر رہ گئی ہے، وہاں پرائیویٹ سیکٹر کے تعلیمی اداروں نے تعلیم کو اس قدر مہنگا کردیا کہ اوسط درجے کی آمدن والے لوگ بھی اپنی اولادوں کو معیاری تعلیم دلوانے سے قاصر ہیں۔ ایسے میں غریب مفلوک الحال خاندان اپنے پیٹ کی آگ بجھائیں یا تعلیم کے بھاری بھرکم اخراجات برداشت کریں، یہی وجہ ہے کہ غریب بچے ہر طرح کی قابلیت کے باوجود پیچھے رہ جاتے ہیں، اور ان کے والدین وسائل کی کمی کے سبب ان کو تعلیم نہیں دلوا پاتے۔ محنت کش بچے کوئی پیدائشی محنت کش بچے نہیں ہوتے، ان کی شکلیں بھی ایسی ہی ہوتی ہیں جیسی بڑے تعلیمی اداروں میں پڑھنے والے طلبہ کی ہوتی ہیں لیکن صرف وسائل نہ ہونے کی وجہ سے وہ معاشرے میں "چھوٹے" بن کر رہ جاتے ہیں۔

جبکہ آئین پاکستان کا آرٹیکل گیارہ اس بات کی ضمانت فراہم کرتا ہے کہ انہیں کارخانوں، دکانوں اور دیگر پرخطر ملازمتوں پر نہیں رکھا جائے گا۔ گو ایمپلائمنٹ آف چلڈرن ایکٹ 1991ء اور ایمپلائمنٹ آف چلڈرن رولز 1995ء جیسے ایکٹس بچوں کے حالات کار کو ضابطہ اخلاق میں لاتے ہیں۔ لیکن ہمارے ہاں المیہ یہ ہے کہ چائلڈ لیبر قوانین تو بنے ہیں لیکن آج تک کسی کو بھی ان قوانین کی خلاف ورزی کے حوالے سے سزا نہیں سنائی گئی اور عملاً صورت حال سب کے سامنے ہے۔ امیر لوگوں کے گھروں میں کام کرنے والے بچوں کے حالات کار سب سے برے ہیں جن پر شدید تشدد کے واقعات آئے روز منظر عام پر آتے رہتے ہیں، اس کے علاوہ بیشتر کاروباری مقامات اور ورکشاپس میں محنت کش بچوں پر معمولی معمولی بات پر پرتشدد واقعات معمول بن چکا ہے۔

دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی ہر سال 12 جون کو محنت کش بچوں کا عالمی دن تو منایا جاتا ہے مگر دن منانے کے ساتھ ساتھ ان پھول جیسے بچوں سے مشقت کے خاتمے کے لئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ محکمہ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو حکام کا کہنا ہے کہ والدین خود کمسن بچوں کو سڑکوں، بازاروں اور فیکٹریوں میں مزدوری کرنے کے لئے بھیج دیتے ہیں، جہاں حفظان صحت کے اصولوں سے آشنا نہ ہونے اور فیکٹریوں، کارخانوں کے شور و دھوئیں، گندے پانی کے فضلات کی وجہ سے مزدوری کرنے والے 70 فیصد سے زائد بچے ہیپاٹائٹس اے، بی اور سی جیسے وائرس اور دیگر مہلک بیماریوں میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔

بچے کسی بھی قوم کا روشن مستقبل اور اثاثہ ہوتے ہیں، ان کی بہترین تربیت ونگہداشت پر جس قدر زیادہ توجہ دی جائے، قوموں کی ترقی کے امکانات اس قدر زیادہ ہوتے ہیں۔ بلاشبہ مہنگائی اور بے روزگاری کی وجہ سے بہت سے غریب خاندانوں کو اپنے بچے محنت ومشقت پر لگانا ان کی مجبوری بن چکا ہے لیکن یہ بھی جائز نہیں ایسے موقع پر معاشرہ کوئی کردار ہی ادا نہ کرے، ہمارا مذہب تو اپنے ہمسائیوں چاہے وہ غیر مسلم ہی کیوں نہ ہوں ان کے حقوق کا خیال رکھنے کی بھی تعلیم دیتا ہے اور رشتے داروں کے حقوق تو اس سے بھی بڑھ کر ہیں۔

اگر ہمسائیوں، رشتے داروں یا جاننے والوں میں کوئی بے سہارا بچہ یا خاندان ہے تو اسکی کفالت کرنا صاحب حیثیت لوگوں خصوصاً رشتے داروں اور ہمسائیوں کا فرض ہے تاریخ اسلام ایسی مثالوں سے بھری پڑی ہے۔ معاشرے کا فرض بنتا ہے کہ بچوں سے محنت ومشقت لینے کے بجائے ان کی تعلیم، صحت اور خوراک کیلئے ان کے والدین کو سپورٹ کیا جائے۔ غربت کے ہاتھوں مجبور ہو کر مزدوری کرنے والے بچوں کو مفت تعلیم، علاج معالجہ اور کفالت فراہم کی جائے، تاکہ یہ اچھے شہری بن کر ہمارے آنے والے کل کے لئے مثبت کردار ادا کرسکیں۔

دورِ جدید اور ریاست مدینہ

پروفیسر رفعت مظہر

محترم وزیراعظم نے اپنے متعدد بیانات میں "ریاستِ مدینہ" کی تشکیل کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ اس عزم کا اظہار تو ضیاء الحق نے بھی کیا لیکن شاید یہ نیت کا فتور تھا کہ وہ اپنے اس عزم کو عملی جامہ نہ پہنا سکے حالانکہ وہ کلی اختیارات کے مالک تھے اور ان کے لیے اپنے ارادے کی تکمیل کوئی مشکل کام نہ تھا۔ تحریک انصاف کی حکومت کو لگ بھگ دو سال بیت چکے لیکن اس سلسلے میں عمل مفقود۔ اگر نیتوں میں فتور نہیں تو پھر سب سے پہلے ہمیں رَبِ لم یزل کو حاکمِ اعلیٰ تسلیم کرنا ہوگا۔ قرآن مجید کی رو سے حاکمِ مطلق سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کوئی نہیں۔ یہ صراحت قرآن میں جگہ جگہ نظر آتی ہے۔ سورۃ یوسف میں ارشاد ہوا "فرمانروائی کا سارا اقتدار اللہ کے سوا کسی کے لیے نہیں"۔ اس لیے یہ طے کہ حاکمِ اعلیٰ تو صرف اللہ ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا حاکمِ مطلق کے اختیارات محدود بھی ہوسکتے ہیں؟۔ کیا سیاسی حاکمیت انسان کی اور مسجد ڈیمبر کی اللہ کی؟۔۔ سورۃ بقرہ میں رَب کا فرمان ہے "اے ایمان والو! اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ"۔ سورۃ انفال ۳۹ میں ارشاد ہوا "دین پورے کا پورا اللہ کے لیے ہے"۔ جب ہمیں پورے کا پورا دین میں داخل ہونے کا حکم دیا جارہا ہے تو پھر ظاہر ہے کہ کوئی ایسا نظام فکر وعمل بھی ہوگا جس میں پورے کا پورا داخل ہونے کا حکم دیا جارہا ہے۔ اسی نظامِ فکر وعمل کو نظامِ خلافت کہا جاتا ہے۔

سورۃ بقرہ، ۳۰ میں ارشاد ہوا "یاد کرو وہ وقت جب تمہارے رَب نے کہا میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں"۔ خلیفہ کا ذکر دوسری کئی آیاتِ مبارکہ میں بھی آیا ہے۔ سورۃ ص میں حضرت داؤد علیہ السلام کو خلیفہ کہہ کر مخاطب کیا گیا۔ خلیفہ کے معنی جانشین یا کسی کے اختیارات کو بطور نائب استعمال کرنے والا کے ہیں جس کے پاس اپنی مرضی کا کوئی اختیار نہیں ہوتا بلکہ وہ مالک کی مرضی کے مطابق اپنے اختیارات کو استعمال کرتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں زمین پر انسان کی حکومت "نیابتی" ہے۔ جب رب کریم نے ایک نظام تشکیل دیا اور سیدھی راہ دکھانا اپنے ذمے لیا تو اُسے بے ترتیب تو نہیں چھوڑا ہوگا۔ یقیناً اُس نے ایک ایسا آئین دیا جو ہماری سیاسی، سماجی، معاشی، معاشرتی اور مذہبی زندگی کے ہر گوشے کو منور کرسکے۔ اس نظام کی اولین اور بہترین شکل ہمیں "میثاقِ مدینہ" کی صورت میں ملتی ہے۔ یہ پہلا تحریری آئین تھا جس میں ۵۳ دفعات شامل تھیں۔ امریکی آئین سات ہزار الفاظ پر مشتمل ہے جسے دنیا کا مختصر ترین آئین کہا جاتا ہے جبکہ میثاقِ مدینہ صرف سات سو تیس الفاظ پر مشتمل پہلا جامع اور مؤثر آئین تھا۔ اسی آئین کی وجہ سے یہودیوں کے بنوقینقاع، بنونضیر اور بنوقریظہ کے دس قبائل اور اوس اور خزرج کے بارہ قبائل کے باہمی تصادم کا خاتمہ ہوا۔ اسی آئین کی بدولت حضورِ اکرم کے دنیا سے تشریف لے جانے تک (محض دس سالوں میں) اسلامی حکومت دس لاکھ مربع میل تک پھیلی جبکہ حضرت عمر کے دَور تک بائیس لاکھ مربع میل اور ایک صدی میں اس کی حکمرانی کا دائرہ تین براعظموں تک وسیع ہوگیا۔ خلافتِ راشدہ کا تیس سالہ دَور اخلاقی خرابیوں، عصبیتوں اور رسوم سے پاک تھا جس میں ظلم وجبر کی بجائے عدل اور سنگدلانہ تعصب کی بجائے رحمدلی اور خدا ترسی تھی۔ جس کی معیشت سود سے پاک تھی۔ جس میں مساواتِ انسانی اور عدلِ اجتماعی کی فراوانی تھی جس کے اخلاق وکردار کی مثالیں آج بھی دی جاتی ہیں۔ جس کی بنیادی شرط عمالِ سلطنت کا صالح ہونا اور جس کی سیاست کی بنیاد یہ کہ حاکمیت کسی انسان، ادارے یا خاندان کی نہیں صرف اللہ کی ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا دَورِ جدید میں خلافتِ راشدہ قائم ہوسکتی؟۔ کیا اس میں کوئی خامی ہے؟۔ کیا دین نے جو معاشی ومعاشرتی، مذہبی وسیاسی راہیں متعین کی ہیں، وہ درست نہیں؟۔ کیا دین میں اخلاق وکردار، معاش ومعاشرت، تہذیب وتمدن، مذہب وسیاست، عدل وانصاف، اخوت ومحبت کے پیمانے مقرر نہیں؟۔ کیا حضورِ اکرم نے میثاقِ مدینہ کی صورت میں پہلا تحریری آئین نہیں دیا؟۔ جب دین کے مقرر کردہ سارے پیمانے درست ہیں تو پھر ملک میں خلافتِ راشدہ کا نظام قائم کرنے میں کیا قباحت ہے۔

یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ ہجوم مومنین کا نام اسلامی ریاست نہیں۔ اسلامی ریاست تو وہی کہلائے گی جہاں قرآن وسنت کو مرکزیت حاصل ہو۔ اگر پاکستان میں چھیانوے فیصد سے زائد مسلمان بستے ہیں تو پھر بھی اُسے اُس وقت تک اسلامی ریاست نہیں کہا جاسکتا جب تک قرارداد مقاصد پر مکمل عمل درآمد نہ ہو اور تمام قوانین اسلامی قالب میں نہ ڈھل جائیں۔ ریاستِ مدینہ کے قیام کے بارے میں عرض ہے کہ یہ کام مشکل ضرور ہے ناممکن نہیں۔ میرے اِس یقین کی بنیاد حضورِ اکرم کا آخری خطبہ ہے جس میں اُنہوں نے فرمایا ہے "لوگو! میں تمہارے درمیان ایسی چیز چھوڑے جارہا ہوں جسے اگر مضبوطی سے تھامے رکھو گے تو قیامت تک گمراہ نہیں ہوگے اور وہ ہے کتاب اللہ"۔ اب اگر میں بطور مسلم یہ کہتا ہوں کہ دَورِ جدید میں ریاستِ مدینہ کی تشکیل ناممکن ہے تو وہ باتوں سے انکاری ہوتا ہوں۔

پہلی یہ کہ میں اسلامی نظام کو عالمگیر نہیں سمجھتا اور دوسری یہ کہ حضورِ اکرم کے آخری خطبے کے اِن الفاظ کا منکر ہوں جو میں اوپر بیان کرچکا۔ اہلِ ایمان میں سے کوئی بھی بالا دو باتوں سے روگردانی نہیں کرسکتا۔ اگر ہم واقعی ریاستِ مدینہ کی تشکیل کے لیے مخلص ہیں تو پھر ہمیں یاد رکھنا ہوگا کہ دینِ مبین ہر اُس شخص کو مسترد کرتا ہے جو خلافت کا اُمیدوار ہو جبکہ ہمارے ہاں پہلے سے طے ہوتا ہے کہ جیتنے والی سیاسی جماعت میں سے کون وزارتِ عظمیٰ کا منصب سنبھالے گا۔ نیابتی منصب سنبھالنے کے بعد حاکمِ اعلیٰ کے احکامات سے سرمو روگردانی ناممکن۔ خلیفہ اول حضرت ابوبکر نے خلافت سنبھالتے ہی اپنے پہلے خطبے میں فرمایا "لوگو! اگر تم مجھے حق پر دیکھو تو میری مدد کرنا اور اگر غلطی پر دیکھو تو راستہ دکھانا"۔ خلیفہ دوم حضرت عمر نے فرمایا "لوگو! تم میں سے میرے اندر جو کجی پائے، وہ مجھے ٹھیک کردے"۔

اگر ہم احکاماتِ ربی پر مکمل عمل درآمد کے لیے تیار ہوجائیں تو سورۃ النور ۵۵ میں رَب کا یہ وعدہ یاد دلاتا چلوں کہ "تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے بھلے کام کیے اللہ کا اُن سے وعدہ ہے کی وہ زمین میں اُن کو اُسی طرح خلافت دے گا جیسی اگلوں کو دی۔ اُن کے لیے اُن کے اُس دین کا بول بالا کرے گا جس کو اُن کے لیے پسند فرمایا گیا اور اُن کے خوف کی حالت کو امن میں بدل دے گا"۔ اگر ایسا ہو جائے تو اللہ کو اپنا وعدہ پورا کرتے دیر نہیں لگتی۔

ریاستِ مدینہ کی تشکیل کے لیے وزیراعظم کو اپوزیشن کی مدد کی ضرورت ہے نہ حتمی آئینی ترمیم کی کیونکہ 1973ء کے آئین میں درج اسلامی دفعات پر مکمل عمل درآمد سے پاکستان اسلامی مملکت کے قالب میں ڈھل سکتا ہے۔ بس شرط یہ کہ نیت میں فتور نہ ہو اور ارادہ غیر متزلزل۔ سورۃ یونس ۱۳ میں فرمانِ ربی ہے "ہم نے تم سے پہلی قوموں کو ہلاک کیا جبکہ اُنہوں نے ظلم کیا۔۔۔۔۔ پھر ہم نے اُن کے بعد زمین میں تم کو خلیفہ بنایا تاکہ دیکھیں کہ تم کیسا عمل کرتے ہو"۔ ہم نے قائد کے فرمان کے مطابق اسلام کی تجربہ گاہ کے طور پر یہ زمین کا ٹکڑا حاصل کیا لیکن جب اپنی راہیں بدل دیں تو رب لم یزل نے ہماری جگہ کسی اور کو بٹھا دیا (مفہوم التوبہ ۳۹)۔ یہی وجہ ہے کہ آج عالمِ اسلام محکوم اور طاغوت حاکم۔

منشیات کا استعمال زہر قاتل.....!

رانا اعجاز حسین چوہان

ہمارے معاشرے میں بہت سے کم عمر افراد نشے کو بطور فیشن اپناتے ہیں، جبکہ بالغ اور پختہ عمر کے لوگ ذہنی دباؤ اور دیگر امراض سے وقتی سکون حاصل کرنے کیلئے منشیات کا سہارا لیتے ہیں لیکن بعد میں وہ ایسی عادت یا مجبوری بن جاتی ہے جس کو کوشش کے باوجود چھوڑنا ممکن نہیں رہتا۔ منشیات اتنی بری چیز ہے کہ یہ نہ صرف انسان اور اس کی زندگی بلکہ گھر، معاشرے اور قوم کو تباہ وبرباد کردیتی ہے اسی وجہ سے منشیات کو لعنت کہا جاتا ہے۔ منشیات کے استعمال کی پہلی سیڑھی سگریٹ نوشی ہے، جبکہ پہلے سے نشہ کے عادی افراد بھی منشیات فروشوں کے آلہ کار بن کر دوسروں کو مفت منشیات کی لت لگا کر بعد ازاں انہیں منشیات فروخت کرنے لگتے ہیں۔ منشیات کا استعمال اتنی بری عادت ہے کہ یہ انسان سے جائز وناجائز ہر کام کروا لیتی ہے چاہے وہ کسی بے گناہ انسان کا قتل ہی کیوں نہ ہو۔ جبکہ جرائم کے واقعات کو دیکھا جائے تو آدھے سے زیادہ جرائم نشے کی وجہ سے ہوتے ہیں، بیشتر ٹریفک حادثات بھی عموماً اسی باعث رونما ہوتے ہیں۔

اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق اس وقت دنیا بھر میں 15 سے 64 سال عمر کے تقریباً 35 کروڑ افراد منشیات کے عادی ہیں، جبکہ پاکستان میں 76 لاکھ سے زائد افراد منشیات استعمال کرتے ہیں جن میں 78 فیصد مرد اور 22 فیصد خواتین بھی شامل ہیں۔ اعداد وشمار کے مطابق پنجاب کے 55 اور دیگر صوبوں کے 45 فیصد افراد نشے کے عادی ہیں اور اس تعداد میں سالانہ 5 لاکھ افراد کا اضافہ ہورہا ہے۔ اپر کلاس لوگ آئس کرسٹل، حشیش، ہیروئن کے ساتھ ساتھ مختلف ادویات کا استعمال کرتے ہیں، جبکہ مڈل کلاس کے لوگ فارماسیوٹیکل ڈرگز، شراب، چرس، پان، گٹکا، نسوار اور سگریٹ وغیرہ کا استعمال کرتے ہیں۔ پاکستان میں دہشت گردی کے سبب 70 ہزار سے زائد افراد نے اپنی جانیں قربان کیں لیکن ہر سال پاکستان میں اس سے تین گنا زیادہ ہلاکتیں منشیات کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ منشیات کا زہر ہمارے معاشرے کے مستقبل کو بھی دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے، جہاں منشیات سے 13 سے 25 سال کے نوجوان لڑکے لڑکیاں متاثر ہورہے ہیں۔

بدقسمتی سے پاکستان میں منشیات کے عادی افراد کے علاج کیلئے مخصوص ہسپتالوں کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے اور جو موجود ہیں وہاں سہولتیں ناکافی ہیں جبکہ غیر سرکاری طور پر یہ علاج بہت مہنگا پیچیدہ اور طویل ہے۔ ہمارے معاشرے میں پان، نسوار، گٹکا، چھالیہ، سگریٹ جیسی نشہ آور اشیاء کو نشہ تصور ہی نہیں کیا جاتا، جبکہ درحقیقت انہی سے دیگر نشہ آور اشیاء کی طرف رغبت بڑھتی ہے۔ منشیات میں سگریٹ، چھالیہ، نسوار، پان، چرس اور شیشہ وغیرہ کی مقبولیت کے بعد اب آئس نامی مہنگے نشے کا بھی اضافہ ہوگیا ہے جو کہ نوجوان نسل کے لیے زہر قاتل سے کم نہیں۔ نوجوانوں میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا آئس نشہ بہت ہی طاقتور اور اثر پذیر ہے، جس کی ایک خوراک ہی انسان کو اس کا عادی بنادیتی ہے۔ شفاف چینی کے دانوں کی شکل سے ملتے اس نشے کو گلاس یا کرسٹل کا نام سے بھی دیا جاتا ہے، جو کہ ایکسپائر ہوجانے والی ادویات پیراسٹامول، پیناڈول، وکس، اور نزلہ وزکام کی دیگر ادویہ سے انفیڈرین اور ڈیکسٹرومیتھارفن نکال کر تیار ہوتا ہے۔ ماہرین نفسیات کے مطابق آئس کے استعمال کے اثرات انتہائی تباہ کن ہیں، جس سے انسان کا حافظہ کمزور ہوجاتا ہے اور یہ اعصابی امراض کے ساتھ گردوں اور جگر کے لیے بھی انتہائی مہلک ہے۔ بدقسمتی سے اس نشے کا استعمال تعلیمی اداروں میں بھی فروغ پارہا ہے، جہاں اسکول کالج اور جامعات کے لڑکے لڑکیاں اس کے استعمال کی وجہ سے ذہنی اور جسمانی معذوری کے ساتھ ساتھ حلق کی خرابی، جگر کی خرابی، امراض قلب، قلت عمر معدہ کے زخم، فاسد خون، تنفس کی خرابی، کھانسی، سردرد، بے خوابی، دیوانگی، ضعف اعصاب، فالج، ٹی بی، بواسیر، دائمی قبض، گردوں کی خرابی جیسی مہلک بیماریوں (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

کراچی طیارہ حادثہ کی عبوری تحقیقاتی رپورٹ پیش مگر نتیجہ

محمد اعظم عظیم اعظم

ہے۔ بیشک، اس حکومت نے بے لگام مہنگائی اور بحرانوں کے باعث عوام الناس میں اپنا وقار ضرور مجروح کیا ہے۔ مگر اس سے بھی انکار نہیں ہے کہ اس نے مُلکی تاریخ میں پہلی بار کسی قومی سانحے کی تحقیقاتی کمیٹی کی عبوری رپورٹ ہی سہی کچھ تو عیاں کیا ہے۔ اس انہونی رپورٹ کی دوسری خاص بات یہ ہے کہ اس میں غیر جانبداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے کراچی طیارہ حادثہ کے ذمہ داروں کا تعین بہتر انداز سے کیا گیا ہے یعنی کہ رپورٹ میں زندہ اور مردہ (پائلٹس اور کنٹرولر) دونوں کو ہی ذمہ دار قرار دیا گیا ہے۔ اس سے پہلے سرزمین پاکستان میں خواہ جیسے بھی قومی سانحات رونما ہوئے ہیں۔ شاذ ونادر ہی ایک دو کے

شال بقیہ 1

کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ بلوچستان ملک کا ایک اہم صوبہ ہے پاکستان تحریک انصاف کی حکومت اس کو نظر انداز نہیں کرسکتی بلوچستان کی حکومت کو ہر مشکل گھڑی میں سپورٹ کریں گے ۔دریں اثناء وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ اتحادیوں کو ساتھ لیکر چلیں گے، وعدے بھی پورے کرینگے۔انہوں نے یہ بات بلوچستان عوامی پارٹی کے وفد سے ملاقات کے دوران کہی۔ملاقات میں بجٹ منظوری اور بلوچستان کے مسائل سے متعلق اہم امور پر بات چیت کی گئی ۔ذرائع کے مطابق بی اے پی کے وفد نے وزیراعظم کو بلوچستان کے مسائل سے آگاہ کیا اور بلوچستان کے حوالے سے وعدے پورے کرنے کا مطالبہ کیا۔اس موقع پر وزیراعظم عمران نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ اتحادیوں کو ساتھ لیکر چلیں گے، وعدے بھی پورے کرینگے۔بی اے پی وفد نے یقین دہانی کرائی وہ کہ بجٹ منظوری میں تعاون کرینگے۔وفد میں وفاقی زبیدہ جلال، احسان اللہ ریگی، خالد حسین کھگسی، محمد اسرار ترین، روبینہ عرفان شامل تھے جبکہ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی، وزیر دفاع پرویز خٹک، وزیر تعلیم شفقت محمود، ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی محمد قاسم سوری اور چیف وہپ ملک عامر ڈوگر بھی ملاقات کے موقع پر موجود تھے۔ بلوچستان عوامی پارٹی نے وزیراعظم کے عشائیے میں شرکت اور بجٹ کی منظوری میں حکومت کو مکمل سپورٹ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بلوچستان عوامی پارٹی حکومت کی اتحادی جماعت ہے جس کا ایک وزیر بھی کابینہ کا حصہ ہے۔ خیال رہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی نے وزیراعظم سے ملاقات میں ایک مزید وزارت نہ ملنے پر بھی وزیراعظم کو تحفظات سے آگاہ کیا تھا۔۔دریں اثناء وزیراعظم عمران خان سے ایم کیو ایم پاکستان وفد نے بھی ملاقات کی۔متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے وفد کی قیادت کنوینر خالد مقبول صدیقی نے کی۔ وفد میں وفاقی وزیر امین الحق، اقبال محمد خان، اسامہ قادری، اقبال محمد علی اور کشور زہرا ش بھی شریک تھے ۔ وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی، وزیر دفاع پرویز خٹک ، وفاقی وزیر پلاننگ اسد عمر، وزیر تعلیم شفقت محمود، ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری اور چیف وہپ عامر ڈوگر بھی ملاقات میں شامل تھے۔ذرائع کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ پاکستان نے کراچی کے مسائل اور قومی ایشوز پر بات کی۔ پٹرول کی قیمتیں بڑھنے سے پیدا ہونے والے مسائل، کراچی کے ترقیاتی منصوبوں کا معاملہ اٹھایا۔علاوہ ازیں وزیراعظم عمران خان سے رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی نے ملاقات کی ہے۔ملاقات میں وفاقی بجٹ، قومی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

شال بقیہ 2

کئی لیگیں نیشنل اسمبلی میں دھاندلی نہیں ہوسکتی۔ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، مسلم لیگ کے مرکزی رہنما خواجہ آصف، جے یو آئی (ف) کے اکرم درانی اور جماعت اسلامی کے میاں اسلم نے مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ متحدہ اپوزیشن نے حکومتی بجٹ کو مسترد کردیا ہے اور اس بجٹ نے پورے پاکستان کی عوام کو متحد کردیا ہے اور حکومت کے خلاف متفقہ طور پر اس بجٹ کو مسترد کرتے ہیں۔حکومت نے عوام کو ریلیف دینے کی بجائے مزید بوجھ ڈال دیا ہے، پٹرولیم لیوی کا غیر قانونی نوٹیفکیشن کیا گیا، بجٹ میں کہتے تھے کہ ہم قیمتیں کم کر رہے ہیں لیکن عوام پر پٹرول بم گرا دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ بجٹ کے حوالے سے اپوزیشن رہنماؤں سے رابطہ کیا گیا اور آل پارٹیز کانفرنس کرنے کے حوالے سے مشاورت کی گئی لیکن اپوزیشن لیڈر شہباز شریف کی صحت کے خرابی کے باعث بجٹ سے پہلے آل پارٹیز کانفرنس نہیں کروا سکے۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ جب کورونا کی وبا آئی تو ہم نے کہا کہ اس وبا پر ہم کوئی اختلاف نہیں کرتے اور ملکر اس کا مقابلہ کرتے ہیں لیکن وزیراعظم نے اس حوالے سے ہم سے کوئی مشاورت نہیں کی، یہ جمہوریت اور معیشت کیلئے خطرناک اور صحت کے حوالے سے بھی خطرہ بن گیا ہے، اب ملکر فیصلہ کرنا ہوگا کہ اس مشکل حالات کا کیسے سامنا کرنا ہے اور ملک عوام کی زندگیوں کو بچانا ہے۔انہوں نے کہا کہ اب اپوزیشن کی تعداد نیشنل اسمبلی میں بڑھ گئی ہے، شہباز شریف بیماری کی حالت میں بھی عمران خان کا پسینہ نکال رہے ہیں۔

شال بقیہ 3

متاثرہ افراد کی تعداد 2 لاکھ 2 ہزار 955 ہو گئی۔نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں کورونا سے متاثرہ 86 ہزار 906 مریض صحت یاب ہوگئے۔صوبہ پنجاب میں کورونا کے اب تک 74 ہزار 202 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔سندھ میں 78 ہزار 267، خیبر پختونخوا میں 25 ہزار 380، بلوچستان میں 10 ہزار 261، اسلام آباد میں 12 ہزار 395، آزاد کشمیر میں ایک ہزار 27 اور گلگت بلتستان میں ایک ہزار 423 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔کورونا وائرس کے باعث سب سے زیادہ اموات پنجاب میں ہوئی ہیں جہاں ایک ہزار 673 افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں۔سندھ میں ایک ہزار 243، خیبر پختونخوا میں 914، اسلام آباد میں 122، گلگت بلتستان میں 24، بلوچستان میں 114 اور آزاد کشمیر میں 28 افراد کورونا وائرس سے جاں بحق ہو چکے ہیں۔ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران 21 ہزار تیس ٹیسٹ کیے گئے جب کہ مجموعی طور پر 12 لاکھ 14 ہزار 140 ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں۔

شال بقیہ 4

گئے ہیں جس میں سہولیات کی فراہمی لیبارٹریز، ساز وسامان، انفراسٹرکچر افرادی قوت سمیت دیگر شامل ہیں اس کے علاوہ ہسپتالوں میں مزید سہولیات کیلئے فنڈز رکھے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس مطلوبہ عملہ لائسنس انجنیئرز، انجینئرنگ یونٹ، سمیت دیگر سہولیات میسر ہیں اس سروس پر جو لوگ اس کی سکت نہیں رکھتے ان کو سبسڈی دی جائیگی اور جو مارکیٹ ویلیو کو افورڈ کرسکتے ہیں ان کیلئے سبسڈی نہیں ہوگی یہ ایک ایسا پروجیکٹ ہے جس کے ذریعے لوگوں کو فائدہ پہنچایا جاسکتا ہے اور آمدنی میں بھی اضافہ ہوسکتا ہے تاہم یہ فیصلہ حتمی نہیں ہے۔

شال بقیہ 5

بھی مسائل حل کرنے کا وعدہ کیا گیا تھا، ایک بھی حل نہیں ہوا۔ان کا کہنا تھا کہ بجلی، صحت، تعلیم اور ڈیرہ بگٹی کے بے گھر لوگوں کے مسائل جوں کے توں ہیں۔ جب ہمارے مسائل ہی حل نہیں ہو رہے تو عشائیے میں جا کر کیا کریں گے۔انہوں نے بتایا کہ بلاول بھٹو زرداری سے بات چیت اچھی رہی، جلد ملاقات بھی کریں گے۔بھٹو اور بگٹی خاندان کے قریبی تعلقات رہے، آج ان پر بھی بلاول سے بات ہوئی۔این ایف سی اور اٹھارہویں ترمیم پر بلاول بھٹو کو موقف وہی ہے جو ہمارا موقف ہے۔خیال رہے کہ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے جمہوری وطن پارٹی کے رہنما شاہ زین بگٹی سے ٹیلی فون پر رابطہ کرکے جلد ملاقات پر اتفاق کیا ہے۔چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ٹیلیفونک رابطے میں این ایف سی ایوارڈ اور 18 ویں آئینی ترمیم معاملے پر شاہ زین بگٹی کے موقف کو سراہا اور ان کی تعریف کیا۔

شال بقیہ 6

کی سربراہ، وزیر دفاع پرویز خٹک کو ڈیلی بیٹی کی معاونت کے لیے خصوصی طور پر مدعو کیا جائے گا سربراہ بی این پی۔مینگل کی نمائندگی کرتے ہوئے ایم این اے حسن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل 2006 سے شدید ہو رہے ہیں اور ان پر فوری طور پر توجہ دینے کی ضرورت ہے انہوں نے نواب اکبر بگٹی سے ملاقات کے بعد چوہدری شجاعت حسین کی سربراہی میں پارلیمانی کمیٹی کی جانب سے دی گئی سفارشات کا جائزہ لینے کی تجویز دی آغا حسن بلوچ نے تجویز دی کہ کمیٹی نے خاص طور پر بلوچ اضلاع میں لاپتہ افراد کے مسئلے کو دیکھنے کے علاوہ ان کے اہلخانہ سے بھی ملاقاتیں کیں انہوں نے کہا کہ بی این پی نے یہ مطالبہ بھی کیا تھا کہ بلوچستان میں پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کے منصوبوں کو پبلک کیا جائے واضح رہے کہ اگست 2018 میں تحریک انصاف اور بی این پی۔ایم نے وفاق میں مخلوط حکومت بنانے کے لیے چھ نکاتی مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے تھے ان چھ نکات میں لاپتہ افراد کی بازیابی، جینٹل ایکشن پلان پر عمل درآمد، وفاقی حکومت میں بلوچستان کے لیے 6 فیصد کوٹے پر عمل درآمد، پانی کی شدید قلت کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے افغان مہاجرین کی فوری وطن واپسی اور صوبے میں ڈیموں کی تعمیر شامل ہیں بی این پی اس وقت سے ہی معاہدے پر عمل درآمد کا مطالبہ کررہی ہے گزشتہ سال جون میں سردار اختر مینگل نے پہلی بار دھمکی دی تھی کہ اگر مطالبات تسلیم نہیں کیے گئے تو وہ اتحاد چھوڑ دیں گے رواں ماہ 17 جون کو بلوچستان نیشنل پارٹی۔مینگل گروپ کے صدر سردار اختر مینگل نے پاکستان تحریک انصاف کے حکومت کے اتحاد سے اپنی جماعت کی علیحدگی کا اعلان کردیا تھا بعدازاں وزیر دفاع پرویز خٹک اور وزیر منصوبہ بندی وترقی اسد عمر پر مشتمل 2 رکنی حکومتی کمیٹی نے سردار اختر مینگل سے مذاکرات کیے تھے جو بے نتیجہ ختم ہوگئے تھے پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ بلوچستان اور اس کے عوام کو درپیش معاشی و اقتصادی مسائل کے حل کے لیے پارلیمنٹ اور عوامی نمائندے بہترین آپشن ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور اس کے مسائل ہمیشہ ہی حکومت کی اولین ترجیح رہے ہیں اور ساتھ ہی یہ عزم کیا کہ پاکستان کی ترقی، صوبے کی ترقی اور امن سے وابستہ ہے۔اسد قیصر نے کہا کہ وفاقی محکموں نے بلوچستان کے 6 فیصد روزگار کوٹے پر فوری عملدرآمد سے متعلق ایگزیکٹو آرڈر کا اجرا بلوچستان کے مسائل کے حل میں وزیراعظم عمران خان کی سنجیدگی کو ظاہر کرتا ہے انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں پارلیمانی نظام میں پارلیمانی کمیٹیاں مشاورتی کردار ادا کرتی ہیں اور یہ کمیٹی بلوچستان کو درپیش مسائل کے بہترین حل کے لیے ہر ممکن تجاویز پیش کرنے کی کوشش کرے گی اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ سی پیک گلگت بلتستان سے نکلا ہے اور بلوچستان میں اختتام پذیر ہوتا ہے جس سے صوبے کی اہمیت میں اضافہ ہوا ہے لہذا پارلیمانی کمیٹی مقامی افراد کو سی پیک کے اصل مفادات کی منتقلی کی ضرورت پر بھی غور کرے گی ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری جو کمیٹی کے رکن ہیں اور بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت صوبے میں امن اور ترقی کے مسائل کے حل پر سنجیدگی سے غور کررہی ہے۔

شال بقیہ 7

کوئٹہ، بیک ہیلتھ یونٹ کبیر تابک نواں قلی کوئٹہ، بیک ہیلتھ یونٹ ویج ایڈ سریاب روڈ کوئٹہ، سوشل سکیورٹی ہیلتھ سینٹر سیٹلائٹ ٹاؤن کوئٹہ۔بیک ہیلتھ یونٹ احمد خانزئی سریاب روڈ کوئٹہ اور گورنمنٹ سکول اولڈ مری آباد کوئٹہ میں عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے کوئٹہ شہر میں مزید چھ مقامات پر کورونا وائرس کے ٹیسٹ کے لئے سیمپل لینے کی سہولت مہیا کردی گئی ہے سربراہ کورونا وائرس سیل ڈاکٹر سرمد سعید خان کا کہنا ہے کہ سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی کی خصوصی ہدایت پر کوئٹہ کے مندرجہ بالا علاقوں میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوئٹہ ڈاکٹر احمد زمان جمالی کے تعاون سے کورونا وائرس کے ٹیسٹ کے سیمپل لینے کے لیے خصوصی کاؤنٹرز قائم کر دیے گئے ہیں۔ سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی نے کورونا وائرس کے مشتبہ مریضوں کی مشکلات کو دیکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا محکمہ صحت بلوچستان نے عوام سے اپیل کی ہے کہ کورونا وائرس کے ٹیسٹ کے سیمپل دینے کے لیے مندرجہ بالا سینٹرز میں قائم کردہ کاؤنٹرز پر تشریف لے جائے شکایت کی صورت میں کورونا وائرس سیل بلوچستان کے نمبر 0819202080 پر رابطہ کر سکتے ہیں مذکورہ سینٹرز میں عوام سوموار سے ہفتہ: صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک اور بروز جمعہ المبارک: صبح 9 بجے سے دن 12 بجے تک ٹیسٹ کیلئے سیمپل دے سکتے ہیں۔

شال بقیہ 8

ہیں کیا یہ الیکٹیڈ تھے سلیکٹڈ تھے، ہمیں پر ہم پر سلیکٹڈ کا الزام لگانے والے یہ نام نہاد اور شکست خوردہ اپوزیشن جماعتوں کو میں کھلا چیلنج دیتا ہوں کہ آئے آج بھی آپ کے ساتھ الیکشن کرنے کو تیار ہیں پتہ چل جائے گا کہ کون سلیکٹڈ اور کون الیکٹیڈ ہیں۔بعض لوگ واویلا اور شور مچا رہے ہیں کہ وفاقی پی ایس ڈی میں حلقہ پی 6 زیارت کم ہرنائی کیلئے کوئی منصوبہ شامل نہیں ہے جو کہ حقائق کی برعکس اور منفی پروپیگنڈہ ہے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اور دیگر صوبائی وزراء جنہوں وہ خود اسلام آباد میں ڈیرے ڈال کر وفاقی حکومت جو جس کے ہم اتحادی بھی ہے بلوچستان عوام کے حقوق کی حصول کیلئے بھرپور جنگ لڑی یہاں تک کے واک اوٹ اور احتجاج تک کیا اور وفاق سے بلوچستان کے حق سے زیادہ حصہ کے ترقیاتی منصوبے وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کیا گیا جس پر ہم اپنے پارٹی قائد وزیراعلیٰ بلوچستان اور پارٹی کے سینیٹرز، اراکین قومی اسمبلی وصوبائی وزراء کو صوبے کے حقوق کے حصول کیلئے بھرپور جدوجہد اور بھاگ دوڑ کرنے پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں وفاقی پی ایس ڈی پی میں صرف حلقہ پی پی 6 زیارت کم ہرنائی نہیں بلکہ صوبے کے تمام پسماندہ علاقوں کیلئے ترقیاتی منصوبے شامل کیے گئے ہے ان خیالات کا اظہار انہوں میڈیا سے گفتگو اور حلقہ انتخاب کے پارٹی عہدیداروں، کارکنوں اور عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ وفاق کی تاریخ میں پہلی بار وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبے کے بڑے بڑے میگا پروجیکٹ شامل کئے ہے جو کہ ماضی کے قوم پرستوں، اور مذہبی جماعتوں نے اپنے دور اقتدار میں شامل نہیں کرائیں پی اے پی کے قائد وزیراعلیٰ بلوچستان اور پارٹی کے وزراء، اراکین قومی اسمبلی، اور صوبائی وزراء نے شامل کرکے ثابت کردیا کہ بی اے پی بلوچستان کے عوام کی نمائندہ جماعت ہے جو کہ صوبے کے عوام کے حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریگی صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ایک بات افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جو کام ہمارے حلقے کے منتخب رکن قومی اسمبلی کی ذمہ داری بنتا تھا وہ کام ہم نے کرایا لیکن رکن صوبائی اسمبلی کا شکریہ ادا کرنے کے بجائے موصوف اتنا بے خبر ہے کہ انہیں اپنے حلقہ انتخابات کے 2021-2020 وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل ترقیاتی منصوبوں کا علم تک نہیں ہے کہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں کونسے ترقیاتی منصوبے حلقے کے شامل ہے اور کونسے شامل نہیں ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ہمیں اپنے عوام کے مسائل و مشکلات کا علم ہے جس کے حل کیلئے ہم نے وفاقی پی ایس ڈی پی میں زیارت جو کہ سیاحت کے حوالے سے پورے ملک میں مشہور اور پر فیضا مقام ہے اور قائد اعظم محمد علی جناح نے پورے پاکستان میں اپنے آخری ایام کیلئے زیارت کا چناؤ کیا وفاقی پی ایس ڈی پی میں زیارت کوئٹہ روڈ خانی بابا کراس ڈبل وے کی تعمیر، زیارت سٹی پروجیکٹ اور حلقے میں شامل قدرتی وزرعی وسائل سے مالا مال ضلع ہرنائی جس کے اہم قومی شاہراہ خستہ تھے ہرنائی کوئٹہ روڈ تا کچ موڑ اور ہرنائی تا سنجاوی روڈ کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کیا گیا ہے اسکے علاوہ ہرنائی سبی ریلوے ٹریک کی ازسرنو تعمیر ومرمت کا کام جو کہ پہلے بہت سست روی کا شکار تھا اب ہرنائی سبی خوست ریلوے ٹریک کی بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے اور بہت جلد ہی ہرنائی سبی خوست ریلوے ٹریک پر ٹرینوں کی آمدورفت بحال ہوجائے گا انہوں نے کہا کہ ضلع ہرنائی وزیارت کی قومی شاہراہوں کی تعمیر ومرمت اور ہرنائی سبی ریلوے سیکشن کی بحالی سے کاروبار، زراعت، معدنیات کو فروغ ملے گا اور عوام پر روزگار کے دروازے کھلے گے انہوں نے کہا کہ ہم اپنے عوام سے جھوٹے اور بلند وبانگ دعویٰ نہیں بلکہ عملی کام کرنے پر یقین رکھتے ہے۔

شال بقیہ 9

کے مطابق کھوئی سیکٹر کے سرحدی گاؤں چتر، بھینسہ کالہ میں بھارتی فوج نے ہفتہ کی رات اور اتوار کی صبح سول آبادی کو نشانہ بناتے ہوئے بلا اشتعال فائرنگ اور گولہ باری کی تاہم کوئی جانی ومالی نقصان نہیں ہوا ادھر پاک فوج نے منہ توڑ جوابی کارروائی کرتے ہوئے دشمن کی پوسٹوں کو نشانہ بنایا جس کے بعد بھارتی گنوں کو سانپ سونگھ گیا ایک طرف پوری دنیا کرونا سے لڑ رہی ہے جبکہ دوسری طرف بھارت جنگی جنون میں مبتلا ہے کشمیریوں نے اقوام متحدہ سے بھارت کی جانب سے نہتے عوام پر فائرنگ اور گولہ باری کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔

شال بقیہ 10

اچانک دورہ کیا، اور محکمہ مواصلات وتعمیرات کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا اس موقع پر ڈپارٹمنٹ کے آفیسران بھی انکے ہمراہ تھے، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نورالامین مینگل نے تمام ترقیاتی منصوبوں کے کاموں کے معیار کا باریک بینی سے جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے محکمہ مواصلات وتعمیرات کے ایکسیئن کو ہدایت جاری کی کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام کے معیار کا خاص خیال رکھیں غیر معیاری کام ناقابل قبول ہیں اگر کسی بھی جگہ غیر معیاری کام نظر آیا تو متعلقہ حکام اور ٹھیکیدار کے خلاف سخت کارروائی کیا جائے گا۔

شال بقیہ 11

گے جو کہ پیچیدہ میڈیکل مشینیں بناتے ہیں، یہ تمام مشینیں EU Standards کے مطابق ہیں۔ ے جو کہ پیچیدہ میڈیکل مشینیں بناتے ہیں، یہ تمام مشینیں EU Standards کے مطابق ہیں۔

شال بقیہ 12

اب تک متاثرہ افراد کی تعداد 10376 ہوگئی ہے جبکہ اتوار کو مزید 2 مریضوں کے انتقال کے بعد اموات کی تعداد 116 ہوگئی ہے ۔رپورٹ کے مطابق اب تک صحت یاب ہونے والے مریضوں کی تعداد 3939 ہوگئی۔

شال بقیہ 13

صارفین کو مزید ریلیف پہنچانے کے لیے اقدامات ہے۔تاہم بجلی کی بڑھتی ہوئی طلب کے باعث سسٹم پر بوجھ بڑھ جاتا ہے جس کی وجہ سے ٹرپنگ کا مسئلہ بھی درپیش آسکتا ہے لہذا تمام صارفین سے اپیل ہے کہ وہ غیر ضروری برقی آلات بند رکھیں اور ضرورت کے مطابق بجلی استعمال کریں تاکہ بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔علاوہ ازیں صارفین اپنے موجودہ بل باقاعدگی سے جمع کرائیں تاکہ انکے بجلی کے فراہمی کے اوقات کار کو مزید بڑھایا جاسکے۔

شال بقیہ 14

نوٹس جاری کردیے۔پی ایف اے فوڈ سیفٹی ٹیم نے کارروائی ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز گلشت دین کی سربراہی میں کی، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر گوادر کیپٹن (ر) اطہر عباس بھی پی ایف اے حکام کے ہمراہ تھے، ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹ کو صفائی کی ناقص صورتحال، غیر معیاری اجزاء کے کھانوں میں استعمال، کچن ایریا میں بدبو اور ملازمین کی ذاتی صفائی نہ ہونے ووائر پلانٹ کو یونٹ میں گندگی، نکاسی آب کے ناقص انتظامات، پانی کے معیار کو جانچنے کے لیے ٹیسٹنگ سسٹم اور نمکیات کے ریکارڈ کی عدم موجودگی، جبکہ جنرل اسٹور و ڈیپارٹمنٹل سٹورز کو زائد المیعاد مصالحہ جات، مشروبات اور کیچپ کی موجودگی پر جرمانہ کیا گیا، کارروائی کے دوران برآمد ہونے والے ایکسپائرڈ آئٹمز کو موقع پر تلف کر دیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی ابراہیم بلوچ کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ پی ایف اے کے دائرہ کار کو صوبے بھر کے اضلاع اور بڑے شہروں تک بڑھایا گیا ہے، عوام کو معیاری وحفظان صحت کے اصولوں کے مطابق خوراک کی فراہمی ادارے کا بنیادی مقصد ہے، پی ایف اے کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کی جانب سے نہ صرف بڑے کھانے پینے کے مراکز بلکہ چھوٹے ہوٹلوں، جنرل سٹورز، ملک شاپس مالکان سمیت اشیاء خوردونوش کا چھوٹے پیمانے پر کاروبار کرنے والوں کو بھی پابند کیا جارہا ہے کہ لوگوں کو معیاری، محفوظ اور ملاوٹ سے پاک خوراک کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں پر قائم ہوٹلوں و دیگر کھانے پینے کے مراکز کی بھی باقاعدہ چیکنگ کی جارہی ہے تاکہ مسافر حضرات کی اس حوالے سے شکایات کا ازالہ ممکن ہو اور انہیں سفر کے دوران تازہ، صاف اور معیاری کھانا میسر ہوسکے۔

شال بقیہ 15

رہے ہیں، مری کور کی طرف سے ڈاکٹروں کیلئے حفاظتی سامان دینے پر انکے شکر گزار ہیں۔یہ بات انہوں نے مری کور بلوچستان کی طرف سے ضلع زید ہسپتال کوئٹہ کے ڈاکٹرز، فارماسٹس، نرسز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کو کورونا وائرس کے مریضوں کے علاج اور خدمات پر حفاظتی کٹس، ماسک، گلوز، شیلڈز اور دیگر سامان دینے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر سلیم ایڑو، پی ایم اے بلوچستان کے صدر ڈاکٹر فرید احمد سالانی ایڈیشنل ڈائریکٹر ایم ایس ڈی ڈاکٹر فہیم خان مری کور کے سربراہ ڈاکٹر سعید اللہ جعفر، ایگزیکٹو ڈائریکٹر شیخ زید ڈاکٹر غفار، سربراہان کورونا وائرس سیل ڈاکٹر نقیب وڈاکٹر سرمد، پڈ رسپانس ٹیم کے سربراہ ڈاکٹر سمیع ترین اور ڈپٹی ڈائریکٹر شیخ زید ہسپتال ڈاکٹر منیر جمال بھی موجود تھے۔سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان محکمہ صحت پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں محکمہ صحت کا عملہ عالمی وباء کورونا سے فرنٹ لائن پر نبرد آزما ہے اللہ تعالیٰ کے حکم و مدد سے ان دیکھے دشمن سے جنگ جیت لیں گے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان روزانہ کی بنیاد پر مجموعی طبی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں محکمہ صحت کے ملازمین پوری طرح الرٹ ہیں اور عوام کو صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی میں مصروف عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کا طبی عملہ اپنے فرائض سے غافل نہیں ہے بلکہ وہ دن رات عوام کی خدمت کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مری کور کی طرف سے ڈاکٹروں کیلئے حفاظتی سامان دینے پر انکے شکر گزار ہیں۔ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ بلوچستان ڈاکٹر سلیم ایڑو نے کہا کہ اس وقت ہماری تمام تر توجہ کووڈ 19 کے انسداد پر مرکوز ہے اور ہم طبی تاریخ کے مشکل وقت سے گزر رہے ہیں تمام طبی اسٹاف کی خدمات لائق تحسین ہیں اور ہم پر امید ہیں کہ جلد اس مشکل گھڑی سے نکل کر معمولات زندگی کی جانب لوٹ سکیں گے۔اس موقع پر کورونا وائرس سے شہید ہونے والے افراد کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔

شال بقیہ 16

کئی ہے عوام اپنی سہولت اور دسترس کے مطابق ان تشخیصی مراکز سے بلا معاوضہ کورونا ٹیسٹ کروا سکتے ہیں تشخیصی سہولیات میں اضافے کے دائرہ کار کو ڈویژن اور ضلعی سطح پر وسعت دی جارہی ہے اور اس مقصد کے لیے نئے مالی سال کے بجٹ میں غیر معمولی وسائل مختص کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کی وباء کے پیش نظر صوبے بھر میں دستیاب طبی ڈھانچے کو اپ گریڈ کیا جارہا ہے بلوچستان کے حالات دیگر صوبوں سے قطعی مختلف ہیں وسیع رقبے پر بکھری آبادی میں صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کسی چیلنج سے کم نہیں لیکن الحمدللہ ہم پرعزم ہیں کہ صحت کے شعبے میں دستیاب وسائل مستحق افراد تک پہنچانے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں دستیاب بنیادی اسٹرکچر پر کووڈ کی ناگہانی آفت نے غیر معمولی دباؤ ڈالا ہے لیکن اب بھی بلوچستان کی اسپتالوں میں کورونا وائرس کے مریضوں کے داخلے اور علاج معالجے کی استعداد کار موجود ہے اور طبی عملہ پوری تندہی سے اس وباء کا مقابلہ کررہا ہے انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کا خطرہ ٹلا نہیں عوام کو بتدریج احتیاط سے کام لینے کی ضرورت ہے حکومت اور عوام مل جل کر ہی اس وباء کو شکست دے سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے کوئٹہ میں فاطمہ جناح اسپتال، شیخ زید اسپتال کے ساتھ ساتھ اب پی ایچ یو جی او آر کالونی، پی ایچ یو کوتوال کلی عمر، پی ایچ یو ویج ایڈ سریاب روڈ، پی ایچ یو احمد خان زئی سریاب روڈ، سوشل سیکورٹی ای پی آئی سینٹر نزد مسجد عنترہ سیٹلائیٹ ٹاؤن، اور گورنمنٹ اسکول مری آباد میں بھی کورونا وائرس کے تشخیصی مراکز قائم کردیئے ہیں جہاں پر عوام اپنی سہولت کے مطابق کورونا ٹیسٹ کروا سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کورونا وائرس کی غیر معمولی صورتحال میں تمام تر اسٹیک ہولڈرز سے مسلسل رابطے میں ہیں اور ان کی توجہ سے ہیلتھ کا پورا شعبہ کسی بھی غیر معمولی صورتحال سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار ہے سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی روز آنہ کی بنیاد پر کارکردگی کا جائزہ لیکر بہتری کے لیے اقدامات تجویز کرتے ہیں اور اس وقت حکومت کی پوری توجہ کورونا وائرس سے نبرد آزما ہونے پر مرکوز ہے اللہ تعالیٰ کی مدد اور بہتر حکمت عملی و پختہ حکومتی عزائم سے ہم کورونا وائرس کی وباء کو ممکنا حد تک کنٹرول میں رکھنے کی کوششوں میں کامیابی حاصل کررہے ہیں اور بالآخر اس وباء کے خلاف کامیابی حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔

شال بقیہ 17

لیا، سیل کئے جانے والے علاقوں میں رہائشی علاقے بھی شامل ہیں، ممکنہ سیل کئے جانے والے علاقوں میں چک جلال دین، گلزار قائد، خیابان سرسید، ڈھوک علی اکبر، کوٹھہ کلاں، مورگاہ، ہاڑہ مارکیٹ آورنگزکاری بازار شامل ہیں، ممکنہ سیل کئے جانے والے علاقوں کیلئے راولپنڈی انتظامیہ نے ہوم ڈیپارٹمنٹ پنجاب کو خط لکھ دیا، نوٹیفکیشن موصول ہوتے ہی یہ علاقے بھی سیل کئے جائینگے۔

شال بقیہ 18

جس پی سی ٹی ایل کی قیمتیں پاکستان سے کم ہوں۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر حماد اظہر نے کہا کہ اپوزیشن نے روایت کو برقرار رکھتے ہوئے بجٹ پر تنقید کی، ماضی کی حکومتوں کی تباہ حال معیشت کو ہم نے ٹھیک کیا۔حماد اظہر نے کہا کہ کیا اپوزیشن اس بات پر احتجاج کررہی ہے کہ کوئی ٹیکس نہ لگا کر انہیں پوائنٹ سکورنگ کا کوئی موقع نہیں دیا۔انہوں نے کہا کہ ہم نے بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا، اپوزیشن کس بات کو رد کررہی ہے۔حماد اظہر نے کہا کہ این ڈی ایم اے نے کورونا کی وبا پر قابو پانے کیلئے انتہائی تیز رفتاری سے کام کیا، عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں اضافے کے بعد یہاں بھی تیل کی قیمتیں بڑھیں۔حماد اظہر نے کہا کہ ایشیا میں کوئی ملک ایسا نہیں جس کی تیل کی قیمتیں پاکستان سے کم ہوں۔

شال بقیہ 19

دیہات سے لوگوں کی ایک بڑی تعداد جبری ہجرت پر مجبور ہوگئی ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ترکی نے عراقی کردستان کے اندر دہوک صوبے میں سرحدی پہاڑی علاقوں میں داخل ہونے کا سلسلہ ابھی تک جاری رکھا ہوا ہے۔یہ کارروائی انقرہ کے مخالف کردستان ورکرز پارٹی کے مسلح عناصر کے تعاقب کے نام پر کی جارہی ہے۔ترکی کے توپ خانوں کی گولہ باری اور لڑاکا طیاروں کی بم باری کے سبب علاقے میں سیکڑوں ایکڑ کاشت کی گئی زرعی

کورونا بحران سے نمٹنے کیلئے آخر کار میری تدبیر کام آگئی، عمران خان

مجھے فخر ہے وبا سے پیدا شدہ بحرانی کیفیت میں وطنِ عزیز مسلسل درست سمت میں ہے

ایس او پیز پر عمل کیا تو بحران کی سنگینی سے بخوبی نجات پالیں گے، ٹوئٹ

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ کورونا وبا سے نمٹنے کے لیے آخر کار ان کی تدبیر کام آگئی۔ عمران خان نے ٹوئٹر پیغام میں کہا ہے کہ مجھے فخر ہے کہ کرونا کی وبا سے پیدا شدہ بحرانی کیفیت میں وطن عزیز کو مسلسل درست سمت میں رکھنے کے لیے سمارٹ لاک ڈاؤن کی میری تدبیر کام آئی۔ ان کا کہنا تھا کہ میری ٹیم اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ کرنے والے پہلے لوگوں میں شامل تھی، آج سے اگر ہم ایس او پیز کا لحاظ رکھتے ہیں تو بحران کی سنگینی سے بخوبی نجات پالیں گے۔ وزیراعظم نے ٹوئٹ میں مزید کہا کہ سمارٹ لاک ڈاؤن اختیار کرنے والوں میں میری ٹیم سرفہرست ہے۔ وزیراعظم نے سمارٹ لاک ڈاؤن پر غیر ملکی جریدے کا آرٹیکل بھی شیئر کیا، جو "اسمارٹ لاک ڈاؤن یورپ کا مستقبل ہے" کے بقیہ نمبر30 صفحہ3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے نوجوان مصوروں کا وفد ملاقات کررہا ہے

نئے پاکستان میں کرپٹ بوسیدہ نظام چل رہا ہے، مولانا عبدالقادر لونی

طبقاتی جبر واستحصال کے تسلسل سے عوام کے ساتھ جو کھلواڑ چل رہا ہے اس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی

مہنگائی سے تمام تر ضروریات زندگی عام آدمی کی پہنچ سے دور ہوتی جارہی ہیں، جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی قلعہ سیف اللہ اور لورالائی کے دورے کی موقع پر لورالائی کی ضلعی عاملہ اور مختلف تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نئے پاکستان میں کرپٹ بوسیدہ نظام چل رہا ہے۔ طبقاتی جبر واستحصال کے تسلسل سے عوام کے ساتھ جو کھلواڑ چل رہا ہے اس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی۔ اس نظام میں رہتے ہوئے آئی ایم ایف جیسے سامراجی اداروں کی جکڑ بندیوں اور معاشی بحران سے نجات حاصل کرنا ناممکن بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

ٹرانسپورٹ کا کاروبار ملکی معیشت میں کردار ہونے کے ساتھ عوام کو سفری آسانیاں بھی پیدا کرتا ہے، نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے جاری بیان میں کہا ہے کہ ٹرانسپورٹ کا کاروبار ملکی معیشت میں کردار ہونے کے ساتھ عوام کو سفری آسانیاں بھی پیدا کرتا ہے لیکن افسوس سلیکٹڈ حکمرانوں نے قومی بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

عوام کے سلگتے مسائل سے کسی بھی قسم کی چشم پوشی نہیں کرسکتے، اصغر اچکزئی

ہم اپنے عوام کے اعتماد کے مقابلے میں حکومت، عہدوں اور پروٹوکول کو ایک ذرہ برابر بھی اہمیت نہیں دیتے

گورنر، وزیراعلیٰ اور دیگر صوبائی حکام سے بات ہوچکی ہے وفاق سے بھی دوٹوک انداز میں بات کی جارہی ہے، صوبائی پارلیمانی لیڈر

چمن (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر وصوبائی پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ سرحدی تجارت سے ہمارے غریب عوام کے گھروں کے چولہے جلتے ہیں ہم عوام کے سلگتے مسائل سے کسی بھی قسم کی چشم پوشی نہیں کرسکتے ہم اپنے عوام کے اعتماد کے مقابلے میں حکومت، عہدوں اور پروٹوکول کو ایک ذرہ برابر بھی اہمیت نہیں دیتے، گورنر، وزیراعلیٰ اور دیگر صوبائی حکام سے بات ہوچکی ہے وفاق سے بھی دوٹوک انداز میں بات بقیہ نمبر32 صفحہ3 پر

صوبائی وزراء میر اسد بلوچ، ملک نعیم خان بازئی، عبدالخالق ہزارہ اور رکن صوبائی اسمبلی قادر بلیدی اسمبلی ہال کے احاطہ میں بات چیت کررہے ہیں

صحبت پور شہر کا رہائشی ڈیرہ مراد میں دعوت کھانے آیا لیکن موٹر سائیکل سے محروم ہوگیا

نصیر آباد (این این آئی) صحبت پور شہر کا رہائشی ڈیرہ مراد میں دعوت کھانے آیا لیکن موٹر سائیکل سے محروم ہوگیا۔ شہر کے اندر پولیس اور چوروں کی آنکھ مچولی جاری۔ پولیس کی مستعدی کے باوجود چوروں نے پولیس کو چکمہ دیکر کامیابی بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

میر عبدالرحمان زہری کی اہلیہ طویل علالت کے بعد انتقال کرگئی

خضدار (این این آئی) مسلم لیگ (ن) ضلع خضدار کے صدر سابق چیئرمین خضدار میر عبدالرحمان زہری کی اہلیہ طویل علالت کے بعد انتقال کرگئی، نماز جنازہ وتدفین خضدار میں ہوئی۔ مرحومہ سابق چیئرمین پی ڈی اے بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

نصیر آباد میں محکمہ میں کرونا ٹیسٹنگ میں تیزی آگئی لیے گئے 212 سیمپل میں سے 24 ٹیسٹ پازیٹو آگئے

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) نصیر آباد میں محکمہ میں کرونا ٹیسٹنگ میں تیزی آگئی لیے گئے 212 سیمپل میں سے 24 ٹیسٹ پازیٹو آگئے جبکہ کے جمعہ کے روز 91 سیمپل لیکر کوئٹہ لیبارٹریز روانہ کیے گئے تھے جن میں واپڈا کے سات ملازمین ڈی ایچ او کے ایک پکسیمٹر ایک فرما سسٹ کے ڈسپنسر سمیت 9 افراد کے کرونا ٹیسٹ پازیٹو آگئے ہیں جس کے بعد سے آنے والے تو پازیٹو افراد کو محکمہ صحت نصیر آباد کے نے حفاظتی اقدام کے پیش نظر گھروں میں کورنٹین کردیا کرکے محکمہ صحت کی ٹیموں نے علاج شروع کردیا۔

سلیکٹڈ حکومت کا خاتمہ قریب ہے بلوچستان میں آنے والا وقت مسلم لیگ (ن) کا ہے، جمال شاہ کاکڑ

تبدیلی کے دعوے داروں نے عوام کو دھوکے اور یوٹرن کے علاوہ کچھ نہیں دیا، جنرل سیکرٹری وسابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری وسابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کی وباء کے پیش نظر پارٹی کی سرگرمیاں معطل ہیں وباء کی صورتحال بہتر ہوتے ہیں پارٹی کی صوبائی سرگرمیوں کا آغاز کریں گے، سلیکٹڈ حکومت کا خاتمہ قریب ہے بلوچستان میں آنے والا وقت مسلم لیگ (ن) کا ہے، تبدیلی کے دعوے داروں نے عوام کو دھوکے اور یوٹرن کے علاوہ کچھ نہیں دیا، آج بھی عوام ریلیف کے لئے حکومت کی بجائے اپوزیشن کی طرف دیکھ رہی ہے، سیہ بقیہ نمبر35 صفحہ3 پر

ضلع لسبیلہ کے سرکاری محکموں میں بڑے پیمانے پر کرپشن اور بدعنوانیوں کا انکشاف

30 جون سے قبل ہی فنڈز کے لیپس ہونے کے خوف سے ٹھیکیداروں کو ایڈوانس رقم دینا شروع کردی

اوتھل (این این آئی) ضلع لسبیلہ کے سرکاری محکموں میں بڑے پیمانے پر کرپشن اور بدعنوانیوں کا انکشاف، 30 جون سے قبل ہی فنڈز کے لیپس ہونے کے خوف سے ٹھیکیداروں کو ایڈوانس رقم دینا شروع کردی، تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کے تمام سرکاری محکموں، بی اینڈ آر، محکمہ جنگلات، محکمہ ایجوکیشن، محکمہ زراعت اور دیگر محکموں میں 30 جون تک تعمیراتی اسکیمات یا خریداری کے کام بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

ہر مشکل حالات میں جمعیت علماء اسلام کا کردار قابل رشک رہا ہے، عبدالرحمن رفیق

جمعیت علماء اسلام کی فعالیت کیلئے تمام شعبہ جات کو نظم اور ڈسپلن کا ہونا لازمی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلس عاملہ کا اجلاس زیر صدارت ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق منعقد ہوا اجلاس میں کورونا وائرس کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال تمام شعبہ جات کی کارکردگی عوام کو درپیش مسائل سمیت مختلف امور پر غور وخوض ہوا اجلاس میں مولانا خورشید احمد مولانا مفتی روزی خان مولانا شیخ احمد جان مولانا محمد ہاشم شیخی مولانا محمد ایوب ایوبی مولانا حافظ مسعود احمد مولانا اشرف جان مولانا غلام نبی محمدی مولانا بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

سوراب میں انٹرنیٹ کی بندش کے خلاف آج شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی

سوراب (این این آئی) سوراب میں انٹرنیٹ کی طویل بندش کے خلاف سیاسی جماعتوں اور طلبہ تنظیموں کی جانب سے جاری احتجاجی تحریک کے سلسلے میں کل 29 جون بروز پیر سوراب میں شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی، تمام دکانیں اور کاروباری مراکز بند رہیں گے، شٹر ڈاؤن ہڑتال کی حتمی بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

کوئٹہ کے نواحی علاقے نواں کلی میں قبضہ ولینڈ مافیا کا غنڈہ گردی زمینوں پر قبضے کرکے تعمیرات شروع کردی

قبضہ ولینڈ مافیا جسے پولیس کے کچھ آفسران کی سرپرستی حاصل ہے، متاثرین محمد شعیب درانی اور ہارون شیخ نے میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے نواحی علاقے نواں کلی میں قبضہ ولینڈ مافیا نے غنڈہ گردی اور اسلحے کے زور پر علاقے میں زمینوں پر قبضے کرکے تعمیرات شروع کردیں جس سے علاقے میں آباد قبائل کے درمیان تصادم اور امن وامان خراب ہونے کا خطرہ پیدا ہوگیا بقیہ نمبر44 صفحہ3 پر

وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے، حمزہ خان ناصر

انشاء اللہ پی ٹی آئی نے عوام سے جو وعدے کئے تھے انہیں عملی جامہ پہنائے گی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنما حمزہ خان ناصر نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے انشاء اللہ پی ٹی آئی نے عوام سے جو وعدے کئے تھے انہیں عملی جامہ پہنائے گی، سیاسی مخالفین تنقید برائے تنقید کی بجائے حکومت بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

کچلاک، ملک سمندر خان کاسی ایڈووکیٹ پریس کانفرنس کررہے ہیں

حکومت بجٹ میں مناسب ترمیم کے ذریعے تاجروں اور عوام کے مطالبات پر سنجیدگی سے توجہ دے، محمد کاشف چوہدری

عالمی اداروں سے ملنے والی امداد سے تاجروں اور گھریلو صارفین کو بجلی کے بلوں اور دکانوں کے کرایوں کی مد میں ریلیف دینے کا اعلان کرے

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر محمد کاشف چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت عالمی مالیاتی اداروں کی جانب سے ملنے والی پندرہ سو ملین ڈالر کی امداد سے تاجروں اور گھریلو صارفین کو بجلی کے بلوں اور دکانوں کے کرایوں کی مد میں ریلیف دینے کا اعلان کرے، تاکہ کرونا سے تباہ حال معیشت، بے روزگار افراد اور ملک کے لاکھوں تاجروں کو ریلیف دیا جاسکے، انھوں نے کہا بجٹ بحث میں حکومتی ممبران نے عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کی بجائے وزیراعظم کی خوشامد کے پل باندھے ہوئے ہیں، حکومت اپنے منشور کی روشنی میں بجٹ میں عوام کو واقعی ریلیف دینا چاہتی ہے تو پیش کردہ تجاویز بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

عبدالعلیم خان سے پی ٹی آئی رہنما رائے عزیز اللہ کی ملاقات وتبادلہ خیال

حکومت کو مسائل کے انبار ورثے میں ملے، ملک درست ٹریک پر گامزن ہے، سینئر صوبائی وزیر عبدالعلیم خان

لاہور (این این آئی) سینئر وزیر پنجاب عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی حکومت کو بیڈ گورننس اور بھاری قرضوں سمیت مختلف مسائل کے انبار ورثے میں ملے جن کے حل کے لئے وزیراعظم عمران خان اور ان کی ٹیم پہلے دن سے نیک نیتی سے کوشاں ہے البتہ موجودہ مالی اور بین الاقوامی صورتحال کے تناظر میں مشکلات کا سامنا ضرور ہے لیکن جلد ملک کو مضبوط معاشی بنیادوں بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر

محکمہ خزانہ کے ریٹائرڈ آفیسر محمد یوسف کے انتقال پر بی این پی عوامی کے مرکزی انفارمیشن سیکرٹری ڈاکٹر ناشاس لہڑی ودیگر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر جہانزیب خان کی شہباز گڑھی وگڑھی کپورہ میں کارروائی

پشاور (این این آئی) اپنی کمشنر محمد عابد خان وزیر کی ہدایات پر ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر جہانزیب خان کی شہباز گڑھی وگڑھی کپورہ میں کارروائی۔ ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر نے بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

وزیراعظم کا اپنی نااہل ٹیم پر فخر کرنا سمجھ سے بالاتر ہے، نفیسہ شاہ

بے بنیاد حقائق کے برعکس بیانات دیکر اصل حقائق کو چھپایا نہیں جاسکتا، پی پی رہنما

اسلام آباد (آن لائن) پیپلز پارٹی کی رہنما نفیسہ شاہ نے کہا ہے کہ کورونا کیسز میں تشویشناک حد تک اضافے کے باوجود وزیراعظم متنازع بیانات سے گریز نہیں کررہے، وزیراعظم کا اپنی نااہل ٹیم پر فخر کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ اتوار کے روز اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم بقیہ نمبر59 صفحہ3 پر

چیئرمین ضلع وسطی کی صحافیوں اور امریکہ میں مقیم پاکستانی ڈاکٹرز کی ٹیم سے ملاقات

موجودہ کورونا وائرس کی وباء سے انسانی زندگی شدید خطرات سے دوچار ہے، ریحان ہاشمی

کراچی (این این آئی) چیئرمین بلدیہ وسطی ریحان ہاشمی نے کورونا کے مریضوں کے لئے قرنطینہ کے قیام کی جگہ کی فراہمی کی پیش کش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کی جان کے تحفظ سے بڑھ کوئی کام نہیں۔ موجودہ کورونا وائرس کی وباء سے انسانی زندگی شدید خطرات سے دوچار ہے بلدیہ وسطی عوام کی جان کے تحفظ کے لئے اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

اسلام آباد، سی آئی اے پولیس کی بڑی کارروائی

بند گھروں کے تالے توڑ کر چوری کرنیوالے افغانی گینگ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) سی آئی اے پولیس کی بڑی کارروائی، بند گھروں کے تالے توڑ کر چوری کرنیوالے افغانی گینگ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، ملزم کے قبضہ سے مسروقہ اہل سی ڈیز، نقدی پانچ لاکھ 80 ہزار روپے، لیپ ٹاپ اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزم کے خلاف تھانہ بھارہ کہو میں 10 مقدمات درج ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے دوران ملزم نے موٹر بقیہ نمبر60 صفحہ3 پر

عرفان اللہ آفریدی شہید کا چہرہ کسی بھی صورت میں دہشتگرد کا نہیں ہوسکتا، مشتاق احمد

انسانیت کے خلاف جرم کیا ہے یہ ظلم ہے، تھانے تو امن اور احترام انسانیت کیلئے ہوتے ہیں

پشاور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی خیبر پختونخوا سینیٹر مشتاق احمد خان نے کہا ہے کہ عرفان اللہ آفریدی شہید کے قتل پر جو دکھ اور درد ہمیں پہنچا ہے معاشرے میں ظلم، بربریت اور ریاستی دہشتگردی عروج پر ہے۔ عرفان اللہ آفریدی شہید کا چہرہ کسی بھی صورت میں دہشتگرد کا نہیں ہوسکتا، بے گناہ لوگوں کو غائب کرکے ماورائے عدالت قتل کرکے گولیوں سے چھلنی اور خون آلود لاش مل جاتی ہے تھانے اور عدالت کس لیے ہیں؟

کلاس فور کے ملازمین سرکاری محکمہ جات میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہے، خان محمد مینگل

وہی ہر دور میں انکو انکے حقوق نہیں دے جاتے ہیں مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے

نصیر آباد (این این آئی) آل پاکستان کلاس فور ایسوسی ایشن (ایکپا) نصیر آباد کے صدر خان محمد مینگل، صوبائی وصوبائی جنرل سیکرٹری حسام دین مینگل نے کہا ہے کہ کلاس فور کے ملازمین سرکاری محکمہ جات میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہے وہی ہر دور میں انکو انکے حقوق نہیں دے جاتے ہیں مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے وہی اس کی بجٹ میں کلاس فور کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ کرنا ظلم کے مترادف ہے۔

کوئٹہ پاکستان پیپلز پارٹی کی صوبائی کونسل کے ممبر حاجی ریاض شاہوانی کے بھائی میر فیاض احمد شاہوانی کی شادی کے موقع پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

میر اسفندیار خان یار محمد زئی باپ پارٹی کے ضلعی آرگنائزر مقرر

واشنگٹن (این این آئی) میر اسفندیار خان یار محمد زئی باپ پارٹی کے ضلعی آرگنائزر مقرر تفصیلات کے مطابق بلوچستان عوامی پارٹی رخشان ڈویژن کے آرگنائزر وسابق مشیر میر اعجاز خان سنجرانی نے صوبائی آرگنائزر ملک بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

خضدار کے شہری عبدالستار انعام کے جھانسے میں آکر نوسربازوں کے ہاتھوں لٹ گیا

خضدار (این این آئی) خضدار کے شہری عبدالستار انعام کے جھانسے میں آکر نوسربازوں کے ہاتھوں لٹ گیا، تفصیلات کے مطابق خضدار کے شہری عبدالستار انعام کے جھانسے میں آکر فراڈی افراد کے ہاتھوں لٹ گیا۔ نوسربازوں نے انہیں گاڑی اور نقدی رقم دینے کا لالچ دیکر ان سے 60000 ہزار روپے ایزی پیسہ کروایا، اور بعد ازاں بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

مدینے کی ریاست کے دعویدار آٹا چینی اور پٹرول چوروں کے سرپرست بن چکے ہیں، لالا سلطان قریشی

تبدیلی کے نعرے پر ووٹ لینے والوں نے عوام کی زندگی اجیرن کرکے رکھ دی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کوئٹہ سٹی کے سیکرٹری اطلاعات لالا سلطان قریشی نے کہا ہے کہ مدینے کی ریاست کے دعویدار آٹا، چینی اور پٹرول چوروں کے سرپرست بن چکے ہیں تبدیلی کے نعرے پر ووٹ لینے والوں نے عوام کی زندگی اجیرن کرکے رکھ دی ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ سٹی کے دفتر میں ملاقات کرنے والے کارکنوں کے ایک وفد سے بات چیت بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

پارٹی کو رخشان ڈویژن میں فعال کرکے عوامی مسائل کے حل میں بھرپور کردار ادا کیا جائیگا، میر اعجاز خان سنجرانی

رخشان ڈویژن میں عوامی رابطہ تیز کرکے علاقائی مسائل کے حل کیلئے بھرپور کوشش کی جائیگی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی رخشان ڈویژن کے ڈویژنل آرگنائزر میر اعجاز خان سنجرانی نے کہا کہ پارٹی کو رخشان ڈویژن میں فعال کرکے عوامی مسائل کے حل میں بھرپور کردار ادا کیا جائیگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے رخشان ڈویژن کے عہدیداروں کی اجلاس کی صدارت میں کیا اجلاس میں پارٹی منشور اور تنظیمی امور پر غور خوض کیا گیا میر اعجاز خان سنجرانی نے کہا کہ رخشان ڈویژن میں عوامی رابطہ تیز کرکے علاقائی مسائل کے حل کیلئے بھرپور کوشش کی جائیگی انہوں نے کہا کہ عنقریب رخشان ڈویژن کا دورہ کرکے ممبر سازی مہم کا آغاز کیا جائیگا انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان، چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی، سعید ہاشمی اور جان جمالی کی قیادت میں پارٹی بلوچستان کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہیں۔

حکومت معاشی اور کورونا کیساتھ سیاسی بحران سے دوچار

وفاقی حکومت کے لیے بلوچستان کی دو اتحادی جماعتیں دردِ سر بنی ہوئی ہیں، بلوچستان نیشنل پارٹی تو حکومتی اتحاد سے علیحدہ اختیار کرلی

وفاقی حکومت نے بجٹ میں 30 ارب روپے کا کٹ لگا کر ہمیں 10 ارب روپے دیے ہیں، منظور احمد کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف معاشی اور کرونا (کورونا) وبا کے ساتھ ساتھ ایک سیاسی بحران سے بھی دوچار ہے اس بار وفاقی حکومت کے لیے بلوچستان کی دو اتحادی جماعتیں دردِ سر بنی ہوئی ہیں بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر منظور احمد کاکڑ کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت نے بجٹ میں 30 ارب روپے کا کٹ لگا کر ہمیں 10 ارب روپے دیے ہیں، جس سے پاکستان کے 44 فیصد حصے کو کیسے ترقی دی جائے؟ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی حکومت کو اس وقت کورونا کے علاوہ سیاسی مسائل کا بھی سامنا ہے ان میں سے ایک جماعت بلوچستان نیشنل پارٹی تو حکومتی اتحاد سے علیحدہ ہوچکی بقیہ نمبر31 صفحہ3 پر

اسلام آباد وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز صحافیوں میں معاشی امداد کے چیک تقسیم کررہے ہیں

تیل قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کے خلاف خیبر پختونخوا اسمبلی میں قرارداد جمع

پشاور (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے تیل کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کے خلاف خیبر پختونخوا اسمبلی کے اپوزیشن اراکین نے قرارداد جمع کرادی۔ اے این پی، پے یو آئی (ف)، ن لیگ سمیت دیگر اپوزیشن اراکین کی جانب سے جمع کرائی گئی نوٹس میں مطالبہ کیا گیا بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

سجاول ضلع بھر میں چالیس ڈگری سے زیادہ مسلسل گرمی کے دوران بجلی کے بحران نے صورتحال سنگین بنادی

سجاول (این این آئی) سجاول ضلع بھر میں چالیس ڈگری سے زیادہ مسلسل گرمی کے دوران بجلی کے بحران نے صورتحال سنگین بنادی ہے، دن اور رات کے اوقات میں اضافی لوڈ شیڈنگ اور آنکھ مچولی سے عوام ذہنی ومعاشی پریشانی کا بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

ملک اس وقت ایک نازک دور سے گزر رہا ہے، صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر

دشمنان اسلام ملک کو انتشار اور افتراق کی بھینٹ چڑھانے کی کوشش کررہے ہیں

حیدرآباد (این این آئی) جمعیت علماء پاکستان (نورانی) ولی پختونخوا کونسل کے صدر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر، لیاقت بلوچ، علامہ عارف واحدی، علامہ نیاز حسین نقوی، ثاقب اکبر، علامہ ضیاء اللہ شاہ بخاری، علامہ ظفر الحق، سید محمد صفدر شاہ گیلانی، خرم نواز گنڈاپور نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملک اس وقت ایک نازک دور سے گزر رہا ہے دشمنان اسلام ملک کو انتشار اور افتراق کی بھینٹ چڑھانے کی کوشش کررہے ہیں ایسی صورتحال میں بعض مقررین کی سوشل میڈیا پر نازیبا بیانات آرہے ہیں جس کی ہم مذمت کرتے ہیں۔

افسران عوام کے خادم ہیں اور خادم بن کر کام کریں، فضل حکیم خان کی صوبائی اسمبلی میں تقریر

وزیراعلیٰ محمود خان کی قیادت میں مضبوط ٹیم صوبے کی ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے

پشاور (این این آئی) ایڈیک کمیٹی کے چیئرمین ایم پی اے فضل حکیم خان کی صوبائی اسمبلی میں دھواں دار تقریر، افسران عوام کے خادم ہیں اور خادم بن کر کام کریں، وزیراعلیٰ محمود خان کی قیادت میں مضبوط ٹیم صوبے کی ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز صوبائی اسمبلی کے اجلاس کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کورونا کے نازک بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

ضلع گھوٹکی کے مزید 50 افراد میں کورونا وائرس ثبت آگیا، 53 افراد صحتیاب بھی ہوگئے

میرپور ماتھیلو (این این آئی) ضلع گھوٹکی کے مزید 50 افراد میں کورونا وائرس ثبت آگیا، 53 افراد صحتیاب بھی ہوگئے، مریضوں کی تعداد 794 اور صحتیاب افراد کی تعداد 847 ہوگئی، جبکہ اوباڑو میں ایک مریض جاں بقیہ نمبر54 صفحہ3 پر

ہنکو کے عوام کو صحت کی معیاری سہولیات فراہم کرنا ہمارا مشن ہے، ڈاکٹر جان عالم اورکزئی

ہنکو میں دو ہسپتال قائم کررہے ہیں، جہاں انتہائی معمولی اخراجات پر عوام کو علاج معالجے کی سہولت دستیاب ہوگی

ہنکو (این این آئی) ہنکو کے عوام کو صحت کی معیاری سہولیات فراہم کرنا ہمارا مشن ہے، ہنکو میں دو ہسپتال قائم کررہے ہیں، جہاں انتہائی معمولی اخراجات پر عوام کو علاج معالجے کی سہولت دستیاب ہوگی، ان خیالات کا اظہار ممتاز معالج اور خالد مسعود جنرل ہسپتال کے منیجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر جان عالم اورکزئی نے ہسپتال کی افتتاحی تقریب اور بعد میں صحافیوں سے خصوصی بات چیت کے دوران کیا۔ ڈاکٹر جان عالم اورکزئی نے کہا کہ سیف الرحمان مارکیٹ میں خالد مسعود ہسپتال قائم کیا ہے اسی طرح مسلم بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

اے سی آفس کرپشن کیس میں سات ملزمان کے جوڈیشل ریمانڈ میں 11 جولائی تک توسیع

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت نے اکاؤنٹنٹ جنرل آفس پنجاب کرپشن کیس میں سات ملزمان کے جوڈیشل ریمانڈ میں 11 جولائی تک توسیع کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر نیب سے ریکارڈ سے متعلق رپورٹ طلب کرلی۔ احتساب عدالت کے ایڈمن جج جواد الحسن نے سماعت کی۔ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کی وجہ سے ملزمان سینیٹر ایڈیٹر محمد اعظم نواز، سید احسن علی شاہ، عدیل الرحمان، محمد اکرم، طاہر حسین، سید وقار علی اور قمر الزمان کو عدالت میں پیش نہ کیا گیا۔

کشمیر میں مودی سرکار کے مظالم انتہائی افسوسناک ہیں، مقصود علی ڈومکی

انڈیا اسرائیل کی طرز پر کشمیریوں پر ظلم وستم کررہا ہے

کشمیر میں طویل عرصے سے کرفیو اور لاک ڈاؤن کی صورتحال کے سبب نظام زندگی مفلوج ہے

کوئٹہ (این این آئی) کشمیر فاؤنڈیشن بلوچستان کے زیر اہتمام اتوار کو بلوچ وحدت مسلمین پاکستان کے مرکزی ترجمان مقصود علی ڈومکی کی قیادت میں کشمیر کے مظلوم مسلمانوں سے یکجہتی اور نائیجیریا کے سیاہ فام انقلابی رہنما علامہ ابراہیم زکزاکی اور انکی اہلیہ کی رہائی کیلئے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے مقصود علی ڈومکی، کشمیر فاؤنڈیشن کی رہنما کوثر جعفری اور آئی ایس او کوئٹہ ڈویژن کے صدر احسان علی نے کہا کہ کشمیر میں مودی سرکار کے مظالم بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

بجٹ میں تعلیم کو ترجیحی بنیادوں پر رکھنا اہم اقدامات اٹھائے گئے، گہرام بگٹی

موجودہ بجٹ میں تمام صوبے کو یکساں نظر سے دیکھ پی ایس ڈی پی میں منصوبے رکھے گئے ہیں جس سے صوبہ ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا

اپوزیشن کے حلقوں کو بھی نظر انداز نہیں کیا جائیگا بجٹ میں تعلیم اور صحت اور اولین ترجیحات میں شامل کرتے ہوئے خطیر رقم مختص کی ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے رہنما رکن بلوچستان اسمبلی نوابزادہ گہرام بگٹی نے کہا ہے کہ حقیقت پسندانہ اور عوام دوست بجٹ پیش کرنے اور ایوان سے منظوری پر وزیراعلیٰ جام کمال اور اتحادیوں جماعتوں کو کو مبارک باد دیتے ہیں موجودہ بجٹ میں تمام صوبے کو یکساں نظر سے دیکھ پی ایس ڈی پی میں منصوبے رکھے گئے ہیں جس سے صوبہ ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا اپوزیشن بقیہ نمبر33 صفحہ3 پر

حکومت کی جانب سے موثر اقدامات نہیں کیئے جارہے ہیں، زمیندار

قلات (این این آئی) قلات کے مختلف علاقوں میں ٹڈی دل کے حملوں میں تیزی آگئی قلات شہر کے مضافاتی علاقوں اسکلو کاریز یونی بریوٹی کشان دشت بڈو اور دیگر علاقوں میں کروڑوں کی تعداد میں ٹڈی دل کی مسلسل حملوں کی وجہ بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

صوابی، راستے کے تنازعہ پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا

صوابی (این این آئی) راستے کے تنازعہ پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ فواد خان سکنہ صوابی نے تھانہ صوابی میں ایف آئی آر درج کراتے ہوئے بتایا کہ میر بقیہ نمبر